فرمودات

2/3

فکرِ سلطان

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر سلطان محمود

کتاب کا سٹیٹس

نمبر شمار	عنوان	کمنٹس
1	کور پیجیز	شامل ہے
2	فہرست مضامین	شامل ہے
3	مضامین کی درجہ بندی	ابھی کرنی ہے
4	مواد کی درستگی	فائنل ریویو باقی ہے
5	گرامر اور زبان	غلطیاں ہائی لائٹ کی گئی ہیں
6	گمشدہ مواد	00 فی صد تک مضامین گمشدہ ہیں
7	غلطیوں کی اصلاح	فائنل ریویو باقی ہے
8	سرخیاں (مستقل سطح اور ترتیب)	بہتر کی جاسکتی ہیں
9	خطوط (فونٹس - مستقل مزاجی اور درست استعمال)	تقریباً ٹھیک ہیں
10	حروف کا سائز (عنوانات، سرخیاں، متن)	بہتر کی جاسکتی ہیں
15	رنگ (متن اور ڈیزائن عناصر)	ضرورت نہیں
16	صفحہ نمبر نگ	شامل ہے
17	حاشیے (مستقل اور ترتیب کے مطابق)	ضرورت نہیں
18	سرخی اور پانوشت (ہیڈر اور فوٹر)	شامل ہیں
19	ساخت اور ترتیب	تقریباً ٹھیک ہے
20	حوالہ جات	فائنل ریویو کی ضرورت ہے

فرمودات 2

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

FARMOODAAT 2

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director

ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.

www.ecocare.pk

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

فکرِ سلطان

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

FIKAR-E-SULTAN

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director

ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.

www.ecocare.pk

سیریز ہشتم: طنز و مزاح



In the name of Allah,
the Most Beneficent,
the Most Merciful

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

انتساب

Dedicated to the one I love in the Quest of truth.

میری فکر اس کے نام جس سے میں سچ کی تلاش میں آج بھی پیار کرتا ہوں۔

فکرِ سلطان: جملہ حقوق

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

سیریز	فکرِ سلطان (10 سیریز)
مصنف	ڈاکٹر سلطان محمود
ناشر	ایجوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ
پبلیشر	ماروِل سسٹم
نظرِ ثانی	انعم عروج
اشاعت	2024

فکرِ سلطان : فہرست سیریز

نمبر شمار	عنوان	کل کُتب
1	سیریز اول: ہڈ بیتی	12
2	سیریز دوم: غذا اور صحت	30
3	سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا	13
4	سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی	31
5	سیریز پنجم: غذائی تحفظ	06
6	سیریز ششم: دیہی ترقی	01
7	سیریز ہفتم: سماجی رویئے	04
8	سیریز ہشتم: طنز و مزاح	10
9	سیریز نہم: شعر و شاعری	02
10	سیریز دہم: تصویری مسافت	01
--	کل کُتب	110

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

تعارف: فکرِ سلطان سیریز

ڈاکٹر سلطان محمود نے اپنی نصف صدی کی کاوش کو سائنسی انداز میں تحریکی کارکن بن کر چلایا نیز غذائی تحفظ ایک کی عالمی خود مختار تحریک کو مقامی رہنما کے طور پر پاکستان میں ایک غیر معمولی موڑ دیا ہے جس کے نتیجے میں ان کے افکار اور عملی جدوجہد نے 'فکر سلطان' جیسی ایک طاقتور دستاویزی سیریز جنم دی ہے۔ اس میں وہ اپنی آدھی صدی کی شبانہ روز کی ہمَہ جہت کوشش کو شاندار کہانی کے طور پر بیان کرتے ہوئے اہم معلومات سے بھری وہ تاریخ بھی بیان کر رہے ہیں جو ملک عزیز کے غیر مستحکم حالات کے باوجود مقامی اور نچلی سطح کے مسائل کو قومی اور عالمی سطح پر کچھ اس انداز سے اٹھالے جاتے ہیں کہ جہاں وہ حیاتیاتی تنوع یا بائیوڈائیورسٹی کی ہئیت تبدیل کئے بغیر کارپوریٹ تسلط کے ساتھ جنگ کرتے نظر آتے ہیں۔ یہاں یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ڈویلپمنٹ مافیا کے خلاف کس طرح نچلی سطح کی لڑائی کو اٹھا کر قومی اور عالمی سطح پر لے جایا جاتا ہے۔ ان کی یہ سوچ بھی قابل داد ہے کہ دنیا بھر میں مقامی سطح کی کمیونٹی ہمیشہ مقدس اور خود مختار ہونی چاہئے تا کہ وہ اپنے علم اور حقوق کو حاصل کر کے مستقبل کی دنیا کی حقیقی کہانی کا نقشہ ترتیب دے سکے۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ سفر مندرجہ ذیل دس سیریز پر مشتمل ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز اول: ہڈ بیتی

ایک شاندار اور سمجھدار دماغ، شفاف کردار، شاعرانہ روح اور نچلی سطح کی تنظیموں میں مہارت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھنے والے ڈاکٹر سلطان محمود نے ملکی ترقی کے مسائل اور تحریکوں کے سب سے زیادہ موثر اور محبوب لیڈروں کے جھرمٹ میں اپنا مقام حاصل کیا ہے۔ ان کو ملے غیر معمولی قدرتی تحائف میں ایشیا، یورپ، امریکہ، تین براعظموں کی سات جامعات سے حاصل شدہ اعلیٰ ترین تعلیم و تربیت کی بنیاد پر انسان کی غذائی ضروریات اور قدرتی ماحول کے درمیان گہرے تعلق کا ادراک ہے۔ غذائے انسانی میں استعمال ہونے مویشیوں، ماحولیات اور انسانی صحت کے بارے میں وہ آزادانہ گہری تفہیم بھی شامل ہے جو ملکی رویوں کی زبوں حالی کے باعث ہمیشہ زوال پذیر رہی ہے۔ وہ جانتا ہے کہ مطلق العنان سیاسی اور پدرسری نظام سے کس طرح کی حکمت سے جنگ لڑ کر جیتی جاتی ہے اور کیسے انسانیت اور تخلیق دونوں کو یکجا کیا جاسکتا ہے۔ نیز اپنے مخصوص مقاصد کے حصول کے لیے ایک عام سے متوسط گھرانے سے اُٹھ کر 17 سے زائید ممالک میں اپنی صلاحیتوں کا کیسے لوہا منوایا۔ یہ قاری کو ان کی زندگی کے سفر کو پڑھ کر ہی اندازہ ہو گا کہ محدود مالی وسائل سے کوئی بھی لمحہ فروغ گذاشت نہ کرتے ہوئے کیسے، "تبدیلی کا ڈھانچہ بنایا جاسکتا ہے"۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز دوم: غذا اور صحت

غذائی علاج جیسی اپنی پچھلی مشہور کتابوں کی طرح، مصنف ماحولیاتی حکمت، پر جوش سرگرمی اور بے عیب پیشہ ورانہ سوچ کے ساتھ پھر سے چمک رہا ہے۔ اس سیریز میں مصنف کی نگارشات اس بات کا ثبوت دیتے دکھائی دیتی ہیں جو انسانی خوراک وغذا پر موسمیاتی تبدیلی کے برے اثرات کو کم کرنے کے لیے مقامی اور بین الاقوامی کارپوریٹ سطح کی کوششوں کے لیے کیے جانے ضروری ہیں۔ یہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ مصنف نے کس طرح حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور کسان برادریوں کے حقوق کے لیے اپنی کوششوں کو حوصلے کے ساتھ جاری رکھا۔ مصنف نے 1997 میں غذا و صحت کے میدان میں چھلانگ لگائی اور پھر اسے اس وقت تک اوڑھنا بچھونا بنائے رکھا جب تک کہ ورلڈ بنک کے راشد القیوم مرحوم کے مشورے کے پیش نظر ڈاکٹریٹ کے بارہ برس بعد پنجاب یونیورسٹی سے ماحولیات کی ڈگری نہیں لے لی۔ اور پھر انسانی غذا کی پیداوار پر ماحول کے اثرات کا تفصیل سے جائزہ لینا نہیں شروع کر دیا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا

غذائی تحفظ کی تخفیفی سائنس تقاضہ کرتی ہے کہ پیچیدہ سائنسی و معاشی معاملات کو ان کی سادہ ترین اشکال میں ڈھال کر انسانی مسائل کو آسان تر بنایا جاسکے۔ تخفیفی سائنس کے تنقیدی اظہاریے جیسا شدید پس منظر رکھنے والا ڈاکٹر سلطان محمود نچلی سطح کی متعدد انجمنوں اور تحریکوں کا ایک سنسنی خیز موجد، شریک موجد اور کٹڑ حمایتی بھی رہا ہے۔ نیز افزائشِ حیوانات، جنگلات، پانی اور کسان تنظیموں کے تحفظ کی ان تمام ضروری تحریکوں کا روحِ رواں بھی ہے جو زندہ زرعی معاشرے کا تانا بانا ہیں۔ اور یقین رکھتا ہے کہ اس تانے بانے سے انسانی دنیا کا اہم ترین مسئلہ یعنی بھوک سے نجات والا کپڑا بنا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کو حصول میں اس کی جس مضمون نے سب سے زیادہ رہنمائی کی وہ ان کے گریجوایشن کے مضامین تھے۔ جنہوں نے انسانی غذا میں شامل چالیس فی صد جزو جو حیوانات سے حاصل ہوتا ہے، اس کا ادراک گہرا کیا۔ گوشت، دودھ اور انڈے کی پیداوار اور پھر متناسب پیداوار انسان کو بھوک کے المیے سے دوچار نہیں ہونے دیتی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ڈاکٹر سلطان محمود کی زندگی کی کہانی ماحولیات، سماجی سیٹ اپ اور گورننگ سنٹی کو بچانے کی جدوجہد کی وہ زندہ مثال ہے جس میں نصابی اور زمینی حقائق دونوں کام آئے۔ وہ اپنے سیارے کے ماحولیاتی نظام کے کام اور ضرر رساں کارٹیل اور اس کے حامیوں کے تباہ کن اثرات کو گہرائی سے سمجھتا ہے۔ اس کتاب کو پڑھنا ان گہرے مسائل کے اسباب کے بارے میں قاری کے ذہن کو کھولے گا جس میں چند لوگ اپنے برے اعمال کی وجہ سے اکثریت کو دھکیل رہے ہیں نیز اس کے مطالعے سے قاری کو حکومت کے طاقتور تکبر سے نکل کر کسان کی طرف پلٹنے کی امید اور حوصلہ ملے گا۔ یہ خوبصورتی سے لکھی گئی یادداشت ایک زبردست داستان ہے جو زمین، زندگی اور ہمارے قیمتی سیارے کی سالمیت کی خواہش رکھنے والے ہر فرد کو پتا ہونی چاہیے۔ مغربی کارپوریٹ سیکٹر کے ESG کی جانب کاروباری جھکاؤ سے مصنف نے جو کچھ امریکہ، یورپ اور خلیجی ممالک سے سمجھا، وہ اس نے اپنے ایکو کیئر بزنس اور سوشل میڈیا آگاہی والے گروپس اور چینل کے ذریعے آنے والی نسل کو پوری طرح سے آگاہ کر دیا ہے۔ اس سیریز کا 30 کُتب کی شکل میں مخطوطہ بڑی تفصیل سے واضع کرتا ہے کہ جونہی ملک کو کارپوریٹ کلچر کے ذریعے ترقی کی جانب غیر متوازن انداز میں دھکیلا جاتا ہے تو وہ کس طرح ہمارے مجموعی سماجی ڈھانچے کو متاثر کرتا ہے۔ اس سے ملک میں ایک غیر متوازن ماحولیات اور سماجی جنگ چھڑ جاتی ہے۔ جو بالآخر وسائل کی نامنصفانہ تقسیم پر منتج

ہوتی ہے۔ڈاکٹر صاحب نے اپنے تئیں تمام ماحولیاتی پراجیکٹس میں قابل کاشت زمین، انسانی روزگار اور گرم ہوتے ہوئے کرہءزمین کے باعث گلیشیر پگھل کر طوفانی انداز اختیار کرنے جیسے مضامین کو کافی گہرائی سے دیکھا ہے۔ نیز اس سیکٹر میں پوراجذب ہونے کے لیے اپنی سرکاری نوکری سے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے کر نیسپاک جیسی قومی وعالمی ایجنسیوں کے ماحولیاتی پروگرام کا جارحانہ حصہ بن کر انسانی غذا کی تخفیفی سائنس سے بھرپور کام لیا ہے اور چار سو سے زائید ماحولیات پراجیکٹس کو کامیابی سے ہمکنار کر کے ملک کے عوام اور حکومت کے کام کو نہائیت آسان بنادیا ہے۔

سیریز پنجم: غذائی تحفظ

ڈاکٹر سلطان محمود کی ذاتی کاوشوں کا سارا نچوڑ صرف "غذائی تحفظ" کے ارد گرد ہی گھومتا ہے۔ جسے اصولی طور پر اولین سیریز میں جگہ ملنی چاہیے تھی، لیکن تخفیفی سائنس کا خوگر ہونے کے باعث انہوں نے مناسب جانا کہ پہلے ان اوامر کا ذکر کیا جائے جو غذائی تحفظ یا عدم تحفظ کا باعث بنتے ہیں۔ تبھی انہیں نے اپنے فکری سفر کا آغاز اپنے پسندیدہ مضمون (سیریز دوم غذا و صحت) سے شروع کرنا مناسب جانا اور انسانی صحت پر غذا کی ضروریات اور اثرات کا شروع میں جائزہ پیش کر دیا۔ یعنی

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

باالفاظ دیگر اپنی فکر کی بنیاد انسانی جِبلَّت بھوک پر رکھی۔ پھر مناسب انسانی صحت بر قرار رکھنے کے لیے مناسب غذا کی پیداوار، سپلائی چین، قوتِ خرید اور جسمانی ضروریات پر رکھی۔ دھیرے دھیرے اس تخیل کو راسخ کر لینے کے بعد وہ اپنے بنیادی مضمون یعنی ان حیوانات کی جانب پلٹے جو انسانی خوراک میں دودھ، گوشت اور انڈے کی شکل میں روزانہ کی ضرورت کا چالیس فی صد پر مشتمل ہے۔ اس منطقی تعلق سے ان کی فکری گہرائی کا اندازہ لگانا چنداں مشکل نہیں کہ اگر بہترین اور مناسب ماحولیاتی انتظامات کر کے پانی کے ذرائع پر بحث مکمل کر لی جائے تو یہ غذائی تحفظ کی ایک ایسی گارنٹی ہے جو افزائشِ حیوانات کے ذریعے انسانی صحت کی ضامن ہے۔ یہاں یہ بھی واضع ہو جاتا ہے کہ شدید سیلاب ہر سال جو حیوانات کی تباہی لاتے ہیں ان پر موثر قابو پا کر انسان کم سے کم چالیس فی صد غذائی ضروریات کو تو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ ان کی یہ منطقی سوچ یورپ اور امریکن جامعات کی فلاحی سائنسیز پر کام کر کے پیدا ہوئی۔ گو کہ ڈاکٹر سلطان محمود کے تیکنیکی کام میں سب سے کم کتب اسی غذائی تحفظ سیریز کا حصہ بنیں لیکن حقیقت بھی یہی ہے کہ عظیم تحقیقات اور کاوشوں کا خلاصہ ہمیشہ مختصر ہوتا ہے۔

سیریز ششم: دیہی ترقی

ویسے تو حیوانات کی افزائش ایک دیہی موضوع ہے جہاں ہمارا 70 فی صد کسان اپنا خون جلا کر صبح شام انسانی غذائیں پیدا کرتا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں کے غیر متوازن دیہی ترقی کے میدان کی بجائے ہمیشہ شہری ترقی و سہولیات کو اولیت حاصل رہتی ہے۔ جس نے ایک جانب اگر غذائی عدم تحفظ کا خطرہ مول لے لیا ہے تو دوسری جانب شہر کی طرف نقل مقانی کی عفریت کو بھی جنم دیا ہے۔ ایسے غیر دانشمندانہ حکومتی اقدامات کا نتیجہ ایک ایسی بے ہنگم معاشرتی زندگی کی شکل میں رونما ہوا ہے کہ جس میں حکومت گاؤں چھوڑ کر شہر میں بسنے والوں کے مسائل کو شہری ترقی کی ناکامی کی شکل میں سہہ رہی ہے اور نہ وہ ان کو خدا ہی مل پا رہا ہے اور نہ وصالِ صنم ہو رہا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو تو خیر چھوڑیں اگر کل کے غریب چین اور بھارت ہی کی مثال لے لیں تو ان کے ہاں غذائی تحفظ شہر و دیہاتی زندگی میں توازن لانے سے ممکن ہوا ہے۔ اور محض بیس برس میں ان دو ممالک کے دو ارب لوگ دن میں ایک کھانے سے دو کھانوں کے قابل ہو گئے ہیں۔ ان دونوں ممالک نے اپنے آبی ذخائر پر ہزاروں ڈیم بنا دیئے ہیں جن سے وہ نہ صرف غذائی تحفظ یقنی بنا رہے ہیں بلکہ اپنی توانائی کی ضروریات بھی پوری کر رہے ہیں۔ حالانکہ عالمی موسمی تبدیلیاں ان پر بھی ویسے ہی اثر انداز ہو رہی ہیں جیسے باقی کرہء ارض پر رونما ہوتی ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز ہفتم: سماجی رویئے

ڈاکٹر سلطان محمود اپنے عالمی ایکسپوژر کے باعث خلیجی ممالک میں رواج پا جانے والے حالیہ شعبہ جات میں ماحولیات سے متصلہ کارپوریٹ سیکٹر کی نئی جہت ای ایس جی سے کافی متاثر ہوئے لہذا انہوں نے ملک عزیز کی اس شعبہ میں لاعلمی کو نشانہ بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اپنی کل نگارشات میں سے سوشل اور گورننس کے شعبہ جات کو ماحولیات کی کتب کے علاوہ خود مختار کتابی درجہ دے دیا اور اس کے لئے انہوں نے سیاست، مذہب، تعلیم، آبادی، تکنیکی تربیت، شہری و دیہی ترقی وغیرہ جیسے اہم موضوعات پر جو کچھ تجربات حاصل کئے تھے اسے اکٹھا کر کے اس سیریز کا حصہ بنا دیا ہے۔ سابقہ اعتبار سے وہ اپنی نگارشات کو حاصل مطالعہ بھی کہتے ہیں، اس مطالعے کا حاصل جو انہوں نے مغرب سے حاصل کیا اور سنجیدہ عملی و علمی سفر کو اپنے وطن میں بھی لاگو کر سکتے ہیں۔ گو کہ وہ اس بات پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ "کامن سینس" اتنی بھی کامن نہیں ہوتی "لیکن امیدؑ واثق رکھنے ہیں کہ جونہی عوام خصوصاً کسان میں تعلمی کمی دور ہو گی، سماج میں لازمی بہتری آئے گی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اس جہت پر ڈاکٹر صاحب ایک اتھارٹی ہیں اور خود اپنے اوپر تنقید کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں کہ میں نے اگر طنز و مزاح کے گڑھ لائلپور یا فیصل آباد میں چوتھائی صدی نہ گزاری ہوتی تو میرے اندر کا اصلاحی جذبہ طنز اور شگفتگی کی شکل میں باہر نہ آتا۔ اس لحاظ سے دیکھیں تو اس سیریز میں نہ صرف سب سے زیادہ کتب ہیں جو ایک منفرد انداز میں مقامی و عالمی سیاست، مذاہب، نیز دیگر سماجی موضوعات پر طنزیہ و فکاہیہ انداز میں تخلیق شدہ تاریخ کا شاندار اور متاثر کن عالمی منظر نامہ پیش کرتی ہیں جسے ڈاکٹر صاحب نے اپنی طنزیہ و فکاہیہ ندرت اظہار کے باعث اسے میٹھا سچ سیریز کا نام دے دیا ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ مصنف مقامی طور پر قلیل مدتی طاقتوں کی سماجی خرابیوں کے ساتھ ساتھ عالمی سیاست کی خود غرضی کا بھی سامنا کرنے کا حوصلہ رکھتا ہے۔ یہ سیریز ایک شان اور روشنی کے ساتھ بیشمار سیاسی، سماجی اور منطقی حل بھی فکاہیہ انداز ہی میں پیش کرتی ہے۔ مصنف نے ملک کے نمایاں مزاح نگار کرنل محمد خان اور ظفر اقبال کی طرز سے متاثر ہو کر مزاح لکھنے کا آغاز گو کہ کالج لائف سے شروع کر دیا تھا مگر اس انداز کو مہمیز تب ملی جب وہ نیویارک میں ممتاز صحافی محسن ظہیر کی ادارت میں شائع ہونے والے ہفت روزہ "صدائے پاکستان" سے بحیثیت سب ایڈیٹر منسلک ہوئے۔ نیز انہوں نے لاہور کے چند اخبارات میں اپنے فکاہیہ کالم میٹھا سچ کے نام سے ہی لکھنے شروع کر دیے۔ بقول ڈاکٹر صاحب جگت بازی اور فکاہیہ اندازِ بیان میراثی کو حکومت سے جدا کرتا ہے۔ اور طنزیہ ادب کو سنجیدہ کرتا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سیریز نہم: شعر و شاعری

ڈاکٹر سلطان محمود کا بچپن ہی سے شاعرانہ مزاج ہے جسے اظہار کا موقعہ کالج لائف میں کسی ناکام محبت کے جھٹکے سے ملا۔ وہ اپنی جبلت کی افتادِ طبع سے خود ہی نالاں بھی تھے جس کی ایک وجہ یہ تھی کہ انہوں نے نہ صرف کبھی کل وقتی شاعر بننا گوارا نہیں کیا بلکہ شاعر کہلوانے سے بھی صاف انکار کرتے ہوئے یہ دلیل اختیار کی کہ میں نے کاغذی شیر بننا کبھی بھی پسند نہیں کیا اور دوسری رکاوٹ ان کی سائنس میں اعلی تعلیم بن گئی جو پاکستان کے علاوہ یورپ اور امریکہ سے حاصل شدہ تھی جہاں شاعروں کو کارآمد اور قابل استعمال وقت کا دشمن سمجھ کر تنقیدی چھلنیوں سے گزارا جاتا تھا۔ اس کے باوجود تین چار برس میں عروض سمجھے بغیر سینکڑوں غزلیات کہہ دینا شاید ساحر لدھیانوی کی کتاب "تلخیاں" بنی جو عین ناکام عشق کے دوران ان کے ہاتھ لگ گئی تھی۔ ڈاکٹر صاحب چونکہ اپنی ہر نگارش کو بچوں کا سا پیار دیتے ہیں اس لئے انہیں بعض دوستوں نے کلام شائع کرنے پر قائل کر لیا جن میں عروض کی استاد محترمہ کنیز بتول کھوکھر کا بڑا ہاتھ ہے جنہوں نے ڈاکٹر صاحب کی لگ بھگ ایک کتاب کے مواد کو عروض پر بھی ڈھال دیا اور جہلم کے ایک استاد شاعر کاشف بٹ نے بھی ناقابل تردید مدد کی۔ ڈاکٹر سلطان محمود جب اپنی فکر کو تحریری شکل دینے لگے تو انہیں معاصرین نے بے حد مشکل سے راضی کیا کہ وہ اپنے چالیس برس پرانے کلام کو بھی اپنی تحریر میں شامل کریں۔ یہ شاید ڈاکٹر صاحب کی غلطی یا صرف نظر ہی سمجھا جائے گا کہ وہ بہترین کلام غیر

ممالک میں تو اردو کمیونیٹی کو توسناتے رہے لیکن ملک عزیز کے اندرونی حلقوں میں قدم تک نہ رکھا۔ البتہ وہ ہمیشہ اپنے برادر بزرگ ڈاکٹر حسن اختر مرحوم، استاد پروفیسر عظمت اللہ خان مرحوم اور دیگر ادبی مقربین کا ذکر بہت شوق اور محبت سے کرتے ہیں۔

سیریز دہم: تصویری مسافت

بھلا ہو ورلڈ بنک کا جس نے ڈاکٹر سلطان محمود کو تصویری بنک بنانے کی عادت ڈال دی۔ حالانکہ انہوں نے محض دس برس کی عمر میں جیب خرچ بچا کر کوڈک کا دس روپے کا کیمرہ 1967 میں ہی خرید لیا تھا اور اپنے بھائی ہمایوں شوکت کے واحد جس تحفے کی وہ قدر کرتے تھے وہ اس کا امریکہ سے لایا ہوا کیمرہ یاشیکا124 تھا۔ ایسے ہی ان کے استعمال میں وارسا پولینڈ میں روسی کیمرے "زینتھ"، جرمن "بیٹنس" اور جاپانی "نیکن" کیمرے بھی رہے لیکن پھر ڈیجٹل کیمروں اور موبائل کیمروں نے تو انہیں نہال ہی کر دیا۔ ان کے پاس بزرگوں کے علاوہ مشاہیر زمانہ کی بیشمار تصاویر بھی موجود ہیں جو ہر وقت ان کے لیپ ٹاپ اور سیل فونز کی سپیس کھاتی نظر آتی ہیں۔ اس مشکل کے ہاتھوں انہوں نے مجبور ہو کر اور میاں وقار الاسلام کی صلاح لے کر فیصلہ کیا ہے کہ اپنی زندگی کی کہانی کی تصویری دسویں سیریز کیس شکل میں بنائیں گے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM4۔ میٹھا سچ 701

شکیل

اگر غربت خدا نے لکھی ہے تو چین اور بھارت جیسے ممالک چند سالوں میں اپنے کروڑوں عوام کو کس طرح انتہائی غربت سے نکال کر خوشحالی کی طرف لے گئے؟

ڈاکٹر یہ بھی اللہ نے لکھا تھا۔

کیونکہ جب کام ہو جاتا ہے تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ اللہ نے ایسا ہی لکھا تھا۔

DSM5۔ میٹھا سچ 702

انوار الحق کاکڑ نے سیکریٹری سے پوچھا وہ پتھر کہاں جو شہباز شریف سینے پر رکھ کے تیل کی قیمت بڑھاتا تھا سیکریٹری نے کہا اندر پڑا ہے پھر کہا لے آؤ میرے سینے پر بھی رکھو۔

DSM6۔ میٹھا سچ 703

"جو لوگ آپ کو جان لیتے پھر وہی لوگ آپکی جان لیتے ہیں"

DSM7۔ میٹھا سچ 704

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

یہ مرد کمانے لگ جائے تو اس کی پہلی سوچ ہوتی کہ اب میں اپنی بیوی بچوں کو بہتر سہولیات دوں جبکہ عورت کمانا شروع کر دے تو اس کی پہلی سوچ یہ ہوتی ہے کہ اب میں مرد کے بغیر رہ سکتی ہوں۔

DSM8۔ میٹھا سچ 705

آپکا پریشان کرنے والا بچہ کئی بانجھ لوگوں کا خواب ہے۔۔۔

DSM9۔ میٹھا سچ 706

پاکستان میں بڑھتی مہنگائی اور مایوس مستقبل کے خوف سے اکثر غریب حضرات بچوں میں وقفہ چاہنے کی کوشش میں کنڈوم بھی نہیں خرید پاتے۔ لہٰذا یہی حل باقی رہ جاتا ہے کہ پچھلے کو ہی دھو کر دوبارہ استعمال میں لے آیا جائے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM-10۔ میٹھا سچ 707

بھارت نے اپنے ہیروز کو صدر مملکت تک کے عہدے دیئے۔ سچ ہے اپنے ہیروز کو عزت دینے والی قومیں بے عزت نہیں ہوتیں جیسے میرٹ کا قتل کر کے ہم ہوئے اور فضل الٰہی چودھری، رفیق تارڑ، ممنون حسین اور علوی کو بکر منڈی سے ڈھونڈ کر لائے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM-1 میٹھا سچ 708

ساری حکومتیں یہ بات جانتی تھیں کہ سولر ایزیشن بجلی بحران سے نجات کا ڈھانچہ ہے لیکن جس کی مرضی سے حکومت میں آتی تھیں اس کی مرضی نہیں ہوتی تھی۔

DSM-2۔ میٹھا سچ 709

پہلے تو ملتان سے چونسے کی خوشبو نہیں جاتی تھی مگر اب میری خوشبو کوئی نیا اضافہ ہے؟

وقار

میں نے آپ کو چونسا نہیں کہا ہے۔

میاں وقار

آپ نے اچھا کیا کہ مجھے چونسا نہیں کہا ورنہ کئی لوگ مجھے چوسنے کو آجاتے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM3۔ میٹھا سچ 710

مجھے یاد ہے کہ 6 ستمبر 1965ء والے دن میں بھی سکول سے چھٹیوں کی وجہ سے لاہور میں تھا اور بیشمار زندہ دلان لاہور کی طرح شام تک چھت پر چڑھا نعرے لگاتا رہا تھا۔ وہ تو ماموں مجھے کان سے پکڑ کر نیچے لے کر گئے اور فٹافٹ اسی شام مجھے نانی اماں مرحومہ کے ہمراہ لائلپور بھجوا دیا۔ مجھے یاد ہے کہ رستے میں سانگلے ہل سٹیشن پر ایک ڈیڑھ گھنٹہ بلیک آؤٹ کی وجہ سے گاڑی رکی رہی اور نانی اماں مجھے گود میں چھپائے مسلسل دعائیں مانگ رہی تھیں جس کا مدعا یہ تھا کہ یا خدا اگر بمب گرنے سے اس بچے نے مرنا ہی ہے تو ماں باپ کے پاس جا کر مرے میں کس کس کو جواب دیتی پھروں گی۔

DSM-4۔ میٹھا سچ 711

برائے اپل

جناب ہم آپ کا کلام سن رہے ہیں بلکہ ہم آپ کا تعصب بھرا کلام بھی بڑے غور اور محبت سے سنتے ہیں لیکن چاہتے ہیں کہ آپ ذرا زمین سے اوپر اٹھ کر بھی سوچیں کہ پڑوسی ملک نے حال ہی میں تین معرکے (چندریان، جی 20 اور عالمی سرمایہ کاری) کیسے سر کر لئے ہیں؟ کیا اس کے ذہین انجینئرز کو عمران جیسا خوفناک خواب۔ نائٹ میئر روزانہ تنگ نہیں کرتا؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM5۔ میٹھا سچ 712

برطانیہ کے وزیر اعظم

"رشی سونک"

جس خاتون کے ساتھ کھڑے ہیں

وہ "گیتا گوپی ناتھ" ہیں

جو آئی ایم ایف کی فرسٹ ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر ہے۔

ارے ہم نے تو جن کے خلاف بندوق سے ابھی غزوہ ہند لڑنی تھی انہوں نے اپنی تعلیم و قابلیت سے غزوہ یورپ و امریکہ فتح کر لیا ہے۔

ایں چہ بوالعجبی است؟

DSM6۔ میٹھا سچ 713

پیپسی کی ایک ہالف لیٹر بوتل آپ کسی عام دکان سے لیں گے تو وہ آپ کو 60 کی پڑے گی اگر وہ کسی پیٹرول پمپ کی شاپ سے لیں گے تو 90 کی پڑے گی اگر ائیر پورٹ سے لیں گے تو وہ 120 کی پڑے گی بات کا مقصد یہ ہے کہ آپ اپنی جگہ بدل کر دیکھ لیں شاید آپ کی ویلیو بڑھ جائے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM7۔ میٹھا سچ 714

اگر آپ اپنوں کا خیال رکھنا چاہتے ہیں تو موبائل فون کا استعمال بے حد محدود کر دیں اور بچا ہوا وقت اپنوں کو دے دیں۔

DSM8۔ میٹھا سچ 715

"جب آپ کامیابی کی کوشش میں لگے ہوتے ہیں تو اگر کوئی آپ کی مدد کرتا ہے تو وہ مدد نہیں محبت ہے"

اور اس کا الٹ بھی درست ہے

"یعنی اگر کوئی قریبی شخص کامیابی کے لئے کوشش کرنا چاہتا ہے اور آپ مدد نہیں کرتے تو آپ اس کے خیر خواہ ہرگز نہیں"

DSM9۔ میٹھا سچ 716

ابو تمہاری لاش سے انقلاب آئے گا۔

(مونس الٰہی، بلاول زرداری، مریم نواز، حمزہ شریف)

DSM10۔ میٹھا سچ 717

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

پڑوسیوں سے تعلقات خراب رکھنے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ تجارت کے بجائے کھلی سمگلنگ کی جائے۔

تجارت کا فائدہ عام آدمی اور ریاست کو ہے جبکہ سمگلنگ کا فائدہ صرف چند لوگوں کو ہے جنکی ڈیوٹی سمگلنگ روکنا ہے۔ باقی سب مطالعہ پاکستان کی کہانیاں ہیں سنتے رہو سناتے رہو۔

DSM-1 میٹھا سچ 718

ہمارے یہاں ریٹائرمنٹ کے بعد سارے کارآمد کام چھوڑ کر وہ شروع کر لیتے ہیں جس کی کوتاہی عمر بھر کرتے چلے آئے ہوتے ہیں۔

DSM2- میٹھا سچ 719

لوہے کو تباہ کرنا بڑا مشکل ہے لیکن اس کا اپنا زنگ اسے برباد کر دیتا ہے۔ ایسے ہی انسان کی اپنی سوچ ہی اسے برباد کر سکتی ہے باہر کی نسبت۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM3۔ میٹھا سچ 720

1958 تک شہنشاہ برطانیہ ہمارا بھی آئینی بادشاہ تھا۔ ذرا غور کریں کہ قائداعظم، لیاقت اور دیگر سیاسی رہنماؤں نے کیسے گورے کو قبول کئے رکھا۔ پھر گورے نے حکمت عملی تبدیل کی اور ہمیں فوجی چنگل میں پھنسا کر خود ہی پرے ہٹ گیا۔ ہم پہلے براہ راست اس گورے کے غلام تھے اب بلاواسطہ اسی کے غلام ہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM4۔ میٹھا سچ 721

برائے کنیز

توبہ توبہ آپ کی پر وقار باتیں اور میاں وقار کے کھرکھراتے اعلانات سمجھنے کے لئے فضل الرحمان کا دماغ چاہئے۔ دونوں یہ سمجھتے ہیں کہ ساری فیس بک کو معلوم ہے کہ وہ پوسٹ کرنے سے قبل کیا سوچ رہے تھے لہٰذا آپ حکیم بطلیموس بن کر اس شعر کے مطابق ٹائم پاس کرتے رہتے ہیں

سنی حکایتِ ہستی تو درمیاں سے سنی۔۔۔

نہ ابتدا کی خبر ہے نہ انتہا معلوم۔۔۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اگر میاں صاحب لڑکی ہوتے تو وہ بھی اس ٹھرکی قوم سے دو چار کی بجائے ڈیڑھ ڈیڑھ سو لائیک سمیٹ لیتے کیونکہ ہماری قوم پیغام سے زیادہ پیغامبر کو دیکھتی ہے۔

722۔DSM-5۔میٹھا سچ

کیا پلیٹ لیٹس بڑھ گئے بہروپئے کے؟

اتنی بڑھانہ "پلیٹلیٹس" کی داستاں۔۔۔

اپنے "جثہ" کو دیکھ ذرا "ننگے جثہ" کو دیکھ۔۔۔

723۔DSM6۔میٹھا سچ

نئے پاکستان سے نفرت کرنے والے شاید شرم سے مر گئے ہیں جو ان کی آواز نہیں آ رہی۔ اب تو آ جائیں تانگے اور سائیکل پر۔ سب کو پرانا پاکستان مبارک ہو۔

ڈاکٹر سلطان محمود

724۔DSM7۔میٹھا سچ

یہ سب تو ٹھیک ہے کہ پاکستان میں کرپشن کے خلاف شکنجہ کسا جانے والا ہے اور اس کا اظہار میں نے بھی دو ہفتے قبل کر دیا تھا جن کا مجھے دبئی میں موجود پاکستان کے عسکری ذرائع سے پتا چلا تھا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

لیکن اس ساری کرپشن میں اگر کچھ جرنیلوں کے نام آ گئے تو پھر؟

پھر جو ہونا ہے مجھے پہلے سے ہی اس کا پتا ہے۔

پر بتاؤں گا نہیں۔

DSM8۔میٹھا سچ 725

مہ جبیں ایڈووکیٹ

اگر آپ کو مجھ سے چند منٹ کی گفتگو کا موقع ملے تو موضوع کیا ہو گا؟

ڈاکٹر

یہی کہ یہ پیشہ چھوڑ دیں۔یہ سو فیصد جھوٹ کی کمائی ہے۔

مہ جبین

تو سچ والا پیشہ بتا دو۔

ڈاکٹر

ماحولیات پڑھائیں یا غذا کا علم دیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM9۔ میٹھا سچ726

سوچنے والی بات یہ ہے کہ کیا ہمارے سیاستدان اور نوکر شاہی ایماندار ہے جو ورلڈ بنک ہمیں قرضہ دے دیتا ہے؟ درحقیقت ورلڈ بنک وہاں قرضے دیتا ہے جو امریکی پالیسی پر چلنا قبول کر لیں بھلے سے وہاں کے کرتا دھرتا ساری امداد اپنے غیر ملکی ذاتی اکاؤنٹس میں جمع کرالیں۔

DSM10۔ میٹھا سچ727

منافقوں اب مہنگائی پر کیوں روتے ہو۔ اب بھی نعرے لگاؤ" آوے ای آوے اور جاوے ای جاوے"۔ نواز شریف بھی بہت پریشان ہے اس مہنگائی پر لندن بوفے میں بیٹھ کر۔

جو ڈوبنا ہے تو اتنے سکون سے ڈوبو

کہ آس پاس کی لہروں کو بھی پتا نہ لگے

میٹھا سچ728 DSM۔1

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈالر 331 سے کم کر کے 305 روپے اور پٹرول 305 سے بڑھا کر 332 روپے کر دیا اسے کہتے ہیں معاشی وٹہ سٹہ۔

DSM2۔ میٹھا سچ 729

لندن کے ڈاکٹر اخر کار اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ میاں صاحب دوائی کھانے سے نہیں بلکہ قومی خزانہ کھانے سے ٹھیک ہوں گے۔

DSM۔3۔ میٹھا سچ 730

دنیا

یہ ویگو ڈالہ نہیں بلکہ فورڈ کمپنی کی گاڑی ہے (ڈالے پر گوری بھی بیٹھی ہے)۔

ڈاکٹر

گاڑی اور مہیلا دونوں کی بیک بہت خوبصورت ہیں۔ اگر اسی مہیلا سمیت گاڑی ملتی ہو تو فوراً خرید لیں چاہے بعد میں گاڑی بیچ کر ہی اس سے جان چھڑانی پڑے۔

حسین بب

دونوں ٹائر موٹے ہیں وزن اور جمپ جھٹکا خوب برداشت کرتے ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر

ایک نہیں بیشمار اور بار بار جھٹکے بھی برداشت کرلے گی۔

میں گاڑی کی بات کر رہا ہوں جناب لیکن جو آپ سمجھے وہ بھی ٹھیک ہے۔

DSM-4۔میٹھاسچ 731

شکیل

کبھی بہت غریب تھے لیکن اب ہمارے پڑوسی ممالک عالمی اقتصادی طاقت بنتے جارہے ہیں اور ہم ابھی تک حق اور باطل کے فرق کو پہچاننے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر

قیامت سے چند گھنٹے قبل پہچان ہی جائیں گے بالآخر۔

DSM5۔میٹھاسچ 732

برائے کاظم

دوست کینائن کا مطلب پوچھ رہے تھے تو بتلایا کہ کتوں کی کلاس کو کہتے ہیں۔ ویسے بلی، ریچھ وغیرہ بھی اسی میں آتے ہیں لیکن یہاں گوشت نوچنے والے پلید لوگ مراد ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM-6۔ میٹھا سچ 733

عبدل

وہ حنفی بریلوی سی لڑکی اور میں ٹھہرا کٹر ملحد

وہ اللہ ہو اللہ ہو کرنے والی اور میں اللہ who اللہ who کرنے والا

وہ غوث پاک کی نیاز والی اور میں غوث پاک پر ممیز بنانے والا

وہ شہر ذات پڑھنے والی اور میں خدا کی ذات پر سوال اٹھانے والا

پیار ہو گیا ہے لیکن بس اقرار رہتا ہے

تو برائے مہربانی کوئی مشورہ دیں کے نارتھ پول اور ساؤتھ پول ایک ہو کے مونو پول ہو جائیں۔

ڈاکٹر

چونکہ وہ لڑکی فرقہ پرست ہے اس لئے بلا جھجک پیار کریں اور اسے بھی ملحد ہی سمجھیں۔

DSM7۔ میٹھا سچ 734

پہلے میں شاعری کے اصل مفہوم والی تصویریں پوسٹ کرتا تھا تو لوگ توبہ توبہ کرتے ہوئے اعتراض کرتے تھے۔ جب سے زنانہ آئی ڈی بنا کر وہاں ویسی ہی پوسٹیں کر رہا ہوں انہیں لوگوں کے کمنٹ پڑھ کر اب میں خود توبہ توبہ کرتا ہوں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

) ایسی آئی ڈی بنائی نہیں لیکن ایسی بنانے والوں پر طنز کیا ہے(

DSM8۔ میٹھا سچ 735

ہم بھی عجیب قوم ہیں۔ رونے والے مقامات پر ہنسنے لگ جاتے ہیں۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM-9۔ میٹھا سچ 736

برائے تحسین

آپ شاید اس بیغیرت کا جان بوجھ کر ذکر نہیں کرنا چاہ رہے جو اپنی باجی طاہرہ سید کے لئے مری میں ہیلی کاپٹر پر شیرمیٹن کے کھانے منگوایا کرتا تھا۔

ویسے شاید آپ اتنے ڈرپوک مفاد پرست ہیں کہ حکومت کے خوف سے عمرانی دور میں آپ کو سانپ سونگھا رہا لیکن جونہی آپ کے چہیتے چور بلوں سے نکل کر بر سر اقتدار آئے تو آپ لطیفے پھڑکانے لگ گئے۔

نواز شریف واقعی صحیح لیڈر ہے کیونکہ قوم میں بے غیرتوں کی کمی ہر گز نہیں۔

DSM10۔ میٹھا سچ 737

تقی بھائی آپ یہی سننا چاہتے ہیں شاید کہ کوئی کہہ دے کہ یہودی پیسہ لگا رہے ہیں۔

کئی سال پہلے میں کہیں نارتھ ناظم آباد والے کزن سے پوچھ بیٹھا کہ ایم کیو ایم لندن سے ہر ماہ کی پہلی کو چھ سو پاکستانیوں کو کئی لاکھ پونڈ تنخواہیں ٹرانسفر ہوتی ہیں تو رقم الطاف بھائی کہاں سے لاتے ہیں؟ اس پر کراچی سے وہ وہ پھٹکار سنی کہ رہے نام اللہ کا۔ لیکن تقی بھیا ایسے متعصبانہ تبصرے انشاء اللہ عمران پر تنقید کر کے آپ کو پنجاب سے پڑھنے کو نہیں ملیں گے۔

DSM-1۔ میٹھا سچ 738

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

منافقوں اب مہنگائی پر کیوں روتے ہو۔اب بھی نعرے لگاؤ" آوے ای آوے اور جاوے ای جاوے"۔نواز شریف بھی بہت پریشان ہے اس مہنگائی پر لندن بوفے میں بیٹھ کر۔

DSM-2۔میٹھا سچ 739

آپ نے نسوانی ناول لکھنے کا سارا مصالحہ تو بتا دیا لیکن اس میں دہشتناک پھوپھا یا ممانی ڈالی ہی نہیں۔ ورنہ ہیروئین کیسے آذر کی آغوش میں آکر گرے گی اور اپنی لانبی لانبی پلکوں کو بھگو کر چھوئی موئی سی بنی رہے گی؟

DSM-3۔میٹھا سچ 740

جو خان کو نشئی کہتے نہیں تھکتے تھے اب ان کی ماں جیل میں خان کو نشہ پہنچاتی ہو گی۔{REPEATED}

DSM4۔میٹھا سچ 741

ڈرائیور بابا بلال نے نہ جانے اس ہوٹل کے مالک سے ہماری کیا تعریف کر دی کہ ان صاحب نے خانیوال سے لاہور جاتے ہوئے ہماری خوب پذیرائی کی۔اور ہم نے اسے اس طرح یاد رکھا کہ اس کا دیا گیا ٹشو پیپر کا ڈبہ تین برس تک گاڑی ہی میں پڑا رہنے دیا۔ثناء علی شاہ نے تین برس بعد جب دوبارہ ہماری کمپنی جوائن کی تو وہ ڈبہ دیکھ کر حیران رہ گئی۔ہم نے اسے بھی یاد رکھے جانے کے لئے

ایسا ہی تحفہ گاڑی میں رکھوانے کا کہہ دیا جس پر اس نے سب کو آئس کریم پیش کر دی۔ لہ ذا ثناء علی شاہ ایک گھنٹے ہی میں قصہ پارینہ بن گئی۔

ڈاکٹر سلطان محمود

۔میٹھا سچ DSM742۔5

Plato said that no one is more hated than he who speaks the truth.

That is why no one speaks truth in this world.

افلاطون نے کہا تھا کہ سچ بولنے والے سے زیادہ نفرت کسی سے نہیں ہوتی۔ اس لیے اس دنیا میں کوئی سچ نہیں بولتا۔

DSM6۔میٹھا سچ 743

پیپلز پارٹی کی قیادت دبئی پہنچ گئی۔

نون لیگ کی قیادت لندن پہنچ گئی۔

عوام اپنے ہی ملک میں تباہی کے دھانے تک پہنچ گئی۔

DSM7۔میٹھا سچ 744

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ایک حکمران کینسر سے مر گیا، دوسرا پوری قوم کو قرضے کا کینسر لگا کر لندن جا بیٹھا اور تیسرے نے ملک سے کینسر کے خلاف جہاد کے طور پر علاج کے لئے چھٹا ہسپتال کھڑا کر دیا۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM8۔ میتھاسچ 745

برائے اپل

آج تو جھوٹ گھڑنے میں آپ بھی ضمیر کے قیدی ہی لگے۔

اپل

آپ نے ہمارا میتھ میٹکس چیک کیا۔۔۔؟؟؟

ڈاکٹر

جی دیکھا ہے کہ آپ نے سکھر کی کتیا بھکر جا ملائی ہے۔ ایسی میتھ تو میری بھی ٹھیک ہی تھی جب میں بھی مختلف مخالفین کے ناموں کے حروف تہجی ملا کر عجیب و غریب تعریفیں وضع کیا کرتا تھا۔ لیکن اب اس ڈر سے عقل پکڑی ہے لوگ یہ نہ کہیں کہ:

Fool at forty is a fool forever

چالیسکی عمر میں بیوقوف ہمیشہ کے لیے بیوقوف ہوتا ہے۔

ویسے بھی نیازی صاحب نے مجھ سے کوئی ذاتی بدفعلی نہیں کہ کہ وہ میری نفسیات ہی سے چمٹ کر بیٹھ جائیں اور سوتے جاگتے مجھے اس ڈراؤنے خیال سے جان چھڑانے کے لئے ان کے خلاف پوسٹیں بنانی پڑیں۔

اور بھی غم ہیں زمانے میں "نفرت" کے سوا

9۔ میٹھا سچ DSM746

دیہات کی عورت مرد کے برابر بلکہ کچھ زیادہ کام کرتی ہے۔ شہری مہیلا جب محنت سے گھبرائے گی تو پھر چائے ہی بنائے گی۔

10۔ میٹھا سچ DSM747

شفق نذیر اپل صاحب کو تو پوری سیاسی آزادی حاصل ہے بلکہ شخصی بھی اور بڑی حد تک "نفسیاتی" بھی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM-1 میٹھا سچ 748

کسی نے ڈالر اور روپے کی قدر میں فرق کی وجہ پوچھیں تو جواب ملا کہ جو اپنے ملک سے جتنی محبت کرتا ہے اسی تناسب سے کرنسی کی قدر مقرر کی جاتی ہے۔

اب تو سوا تین سو پاکستانی مل کر بھی اپنے وطن سے اتنی محبت نہیں کرتے جتنی ایک امریکن اپنے وطن سے کرتا ہے۔

DSM2۔ میٹھا سچ 749

میاں وقار صاحب اگر آپ وزیر اعظم بن گئے تو ایک سیلفی میرے ساتھ بھی بنوا لینا۔

DSM3۔ میٹھا سچ 750

سپریم کورٹ نے افسروں کو صاحب کہنے پر پابندی لگا دی۔

ڈاکٹر

اب شعبدے بازیاں ہی ملیں گی۔ ستاون ہزار لٹکتے کیسز پر فیصلے ان کا باپ کرے گا۔

DSM4۔ میٹھا سچ 751

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سفینہ

مجھے ملنا ہے تم سے اُس جہاں میں

جس جہاں میں

بچھڑنے کا رواج نہیں ہے

سنا تم نے

ڈاکٹر

وہ تو بس اگلا جہان ہی ہے پھر۔ اور وہاں مل کر کیا کرنا ہے جہاں انسان کے جذبات ہی نہیں ہوں گے۔

DSM-5۔ میٹھا سچ 752

بھلا ہو چائنہ کی لائٹس اور یہودی کے سوشل میڈیا کا ورنہ کردار سے عشق رسول ثابت کرنا بہت مشکل تھا۔

DSM6۔ میٹھا سچ 753

شاباش بہادر بیٹی زینت احمد تم نے ثابت کر دیا کہ پاکستان کا ہر دماغ بہترین ہے لیکن بد قسمتی سے اسے آشکار ہونے کے لئے ملک سے باہر نکلنا پڑتا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

سادات حسن

بھلا وہ کسی ایسے پاکستانی سے کیوں شادی کرے گی جو اپنی دھرتی پر ہی رہتا ہو گا؟

DSM7۔ میٹھا سچ 754

دوپہر سے یہ بحث چل رہی ہے کہ چلنی کس کی ہے،؟؟

سپریم کورٹ یا پارلیمنٹ،

حالانکہ اچھی طرح جانتے ہیں چلتی دونوں کی بھی نہیں۔

سماعت جاری۔

کتنے احمق ہیں یہ جج۔ اب تو عمران نے بچے بچے کو بتا دیا ہے کہ سپریم صرف آرمی چیف ہے۔

DSM8۔ میٹھا سچ 755

ڈاکٹر

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

واقعی وضو میں بھی کوئی ہڈی نہیں ہوتی پھر بھی ٹوٹ جاتا ہے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 756

حکومت کا بڑا ریلیف

دس ہزار سے زیادہ بجلی کا بل جمع کروانے والوں کے لئے بینک میں "شربت تُخم ملنگا" کا اہتمام۔

DSM۔10 میٹھا سچ 757

عامر

گھبرا کر کہتے ہیں کہ وطن عزیز کو چھوڑ کر دیار غیر چلے جاؤ۔۔ جلا دو کشتیاں ساری اور بزرگوں کی قبروں سے ناطہ توڑ ڈالو۔ نادان بھول جاتے ہیں کہ دیار غیر میں خنجر زنی، شراب نوشی، منشیات اور ایچ آئی وی، ایڈز جیسی ذلالتیں بھی ہیں۔۔

ڈاکٹر

ہاہاہاہاہاہاتو ہم مکھی نہ بنیں جو وہاں جا کر صرف گندگی ہی تلاش کرتی ہے۔ بیشمار اوورسیز پاکستانی شراب اور زناء پر فخر سے لگے کھڑے ہیں لیکن جونہی یہ گندگی اپنی بہو بیٹی میں دیکھتے ہیں تو توبہ بھی کر لیتے ہیں۔ ہاں جسے قرآن کا ادراک مل جاتا ہے وہ گندگی پر بسیرا نہیں کرتا چاہے یہاں رہے یا وہاں رہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

---

1. میٹھا سچ DSM758

ہم پر بھی فیاض بھائی والی حقیقت فٹ ہے۔ محترم اکیلی خواتین مت فون کیجئے فاصلہ رکھئے کہیں ٹکر کھا کر ایک سے دونہ ہو جائیں۔ ہم بھی پچاس سے اوپر اور واجبی شکل والے ہیں دولت بھی زیادہ نہیں اور نہ بیوی کے علاوہ کسی کو افورڈ کرنے کے قابل ہیں۔

DSM2۔ میٹھا سچ 759

اب انہیں کون بتائے کہ کھاد بنانے جیسے کام سے بو ہی آئے گی صندل کی مہک نہیں۔ کام کرنے سے پہلے ہاتھوں پر پلاسٹک کے دستانے، نتھنوں میں پلگ اور آنکھوں پر کالا چشمہ لگانا چاہئے ورنہ بھنگیوں والی عادات اپنالیں۔

DSM3۔ میٹھا سچ 760

برائے اپل

ابھی آپ نے بھابی کو صبح جگا کر جو اپنے آپ کو رخصت کروایا ہے وہ بہت بڑی زیادتی کر گئے ہیں انہیں سونے دیتے دوپہر ایک بجے تک اور کچھ کھانے کے لئے ان کے سرہانے رکھ آتے تاکہ اس کہانی میں آپ کی یہ اچھائی بھی درج ہو جاتی۔ اور پھر وہ آپ کے آباء کی تربیت کی بھی تعریف کرتیں۔ یہ الگ بات کہ وہ اس زمانے کا مرد بن چکی ہیں اور آپ پچھلے وقتوں کی عورت۔

DSM-4۔ میٹھا سچ 761

دونیہ شاہ

کیا پاکستان میں رہنے کے باوجود بھی قبر اور آخرت میں حساب دینا ہو گا؟

ڈاکٹر

بلکہ زیادہ دینا ہو گا کہ وہاں رہے کیوں؟

۔ میٹھا سچ DSM762-5

ڈاکٹر

موجودہ جنگ فیصلہ کن لگتی ہے اب فلسطین کا نام مٹ جانے کا خطرہ ہے۔ ستاون مسلم ممالک کو چپ لگی ہے۔

کوثر

ٹیپو سلطان نے کہا تھا سو دن گیدڑ کی زندگی جینے سے ایک دن شیر کی موت مر جانا بہتر ہے۔

ڈاکٹر

ٹیپو سلطان نے تو اس قول کی لاج رکھتے ہوئے جان دے دی لیکن ہم 57 "اسلامی" ممالک کو تو یہودی فتح کر چکا ہے بس فلسطین جیسی اکا دکا شورش بھی وہ دبانے میں کامیاب ہو گیا تو پھر ہم سارے "شیر" بس اسی کے بنائے سوشل میڈیا پر بیٹھ کر جنگیں کیا کریں گے۔

DSM6۔ میٹھا سچ 763

ثوبیہ

مریم نواز جی سی یونیورسٹی میں اقبال کے فلسفہِ خودی پہ لیکچر دیں گی۔۔

ڈاکٹر

یہی بتائیں گی کہ میری کہیں بھی کوئی جائیداد نہیں ہے لہٰذا خودی (خود ہی) کے بھروسے پر ہاتھ پیر مار کر جو مال لوٹ سکتے ہیں لوٹ لیں۔

DSM7۔ میٹھا سچ 764

بچپن میں ہم پڑھا کرتے تھے کہ اقبال نے قوم کو خواب غفلت سے جگایا۔ اب سو سال بعد وہ بیدار قوم کہاں رہتی ہے؟

ڈاکٹر

تاریخ بتاتی ہے کہ بعد ازاں وہ قوم صرف ہندو سے آزاد ہوئی تھی لیکن پھر "آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا" کے مصداق اپنے فلسفی اقبال کا سبق بھولتے ہی فوجی غلامی میں اٹک کر رہ گئی جو اسے دوبارہ گورے کی قید میں لے گیا۔

DSM8۔ میٹھا سچ 765

کنیز

کچھ لوگوں کی کامیابی کا راز صرف چرب زبانی ہوتی ہے یہ جانتے ہوئے بھی وہ خود کو کامیاب سمجھتے ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر

جسے آپ چرب زبانی سمجھ رہی ہیں دنیا بھر میں وہی کامیابی کا گر سمجھا گیا ہے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 766

یہ تو پہلی بار سنا ہے کہ تعلیم یافتہ زیادہ بچے پیدا کرتے ہیں۔ البتہ زمینی حقائق کے مطابق پڑھے لکھے ہوں یا کم تعلیم یافتہ یا ان پڑھ زیادہ بچے پیدا کرنا صرف غریب کی واحد عیاشی ہے۔

DSM10۔ میٹھا سچ 767

کچھ لوگ شاید اچھے ڈرائیور ہوتے ہیں کیونکہ کوئی بھی بات ان سے کر لو وہ اس بات کو کہیں سے کہہ تک پہنچا دیتے ہیں۔

ڈاکٹر

تو آپ ڈرائیور پر تکیہ کئے ہوئے مسافر بننے کی بجائے ٹریفک کنٹرول کرنے والی پولیس بن جائیں اگر ہمت ہے تو۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

میٹھا سچ DSM1768

کنیز

سخت مزاج بننا کچھ لوگوں کی مجبوری ہوتی ہے اگر وہ بکھرنے لگیں تو کوئی انہیں سنبھال نہیں سکے گا۔

ڈاکٹر

اس پوسٹ کا سرا کس طرف ہے؟

کنیز

جس کے سر پاؤں کی سمجھ نہ آئے اس کا سر ملتان والی سائیڈ پر کر دیا کریں۔

ڈاکٹر

واقعی آپ دونوں استاد شاگرد ہیں۔ اور ذرا ان ٹھرکیوں کو دیکھیں جو بے سر و پا باتیں سن کر بھی واہ واہ کر رہے ہوتے ہیں۔

کنیز

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

آپ کیا چاہتے ہیں فیس بک کا میدان آپ کے لیے خالی چھوڑ دیں۔

ڈاکٹر

نہیں نہیں مجھے یہ میدان چھوڑ کر کوئی ڈھنگ کا کام کرنا چاہئیے مجھ سے پھوکی دانشوری برداشت نہیں ہوتی۔

DSM2۔ میٹھا سچ 769

جن لوگوں سے میرا سوشل میڈیا پر اختلاف ہوتا ہے وہ میرے شعری انتخاب سے اپنی پسند کے معنی نکال کر جھوٹی خوشی حاصل کر لیتے ہیں۔

DSM3۔ میٹھا سچ 770

معلوم نہیں شرم سے گال سرخ ہوتے ہیں یا غصے سے لہٰذا شاعر سوچ سمجھ کر قدم اٹھائے تھپڑوں کی بارش بھی ہو سکتی ہے بلکہ دبئی میں تو یہ جرم قابل دست اندازی پولیس ہے۔

DSM-4۔ میٹھا سچ 771

کنیز

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اپنا اور گھر والوں کے ووٹ کنفرم کر لیجئے ایسا نہ ہو کہ پولنگ اسٹیشن پہنچ کر پتہ چلے کہ آپ فوت ہو چکے ہیں۔

ڈاکٹر

پہلے کون سے فیصلے ہمارے ووٹوں سے ہوتے آئے ہیں۔ پہلے بھی چناؤ کے فیصلے فرشتے کرتے تھے اب بھی کر لیں گے۔

کنیز

فیصلوں کو چھوڑیں لسٹ میں فوت تو نہ ہوں۔

ڈاکٹر

ہو بھی گئے تو کیا نقصان ہے۔ تین نقصان بتائیں؟

۔میٹھا سچ DSM772-5

اگر خواب میں واش روم کی سہولت ملے تو کبھی بھی استعمال نہ کرنا۔ قسم سے یہ ایک بہت بڑا دھوکہ ہوتا ہے۔ بستر خراب کر بیٹھیں گے۔

۔میٹھا سچ DSM773-6

نوید

آج تک اس بات کا فیصلہ نہیں ہو سکا کہ پاکستان بنانے کا مقصد کیا تھا؟؟؟

ڈاکٹر

ایشیا میں گورے کا اڈہ قائم رکھنا۔

DSM7۔ میٹھا سچ 774

رزاق باجوہ

جب تک اس سوال کا درست جواب نہیں ملتا کہ حماس نے ابتدائی مسلح کاروائی یعنی پہل کیوں کی تھی؟ تب تک تو ذہن صرف اسی نتیجے پر قائم ہے کہ حماس اسرائیل اور امریکہ اس ایک نقطے پر متفق ہیں کہ مڈل ایسٹ میں جو چند سالوں سے امن تھا اسے خراب ہونا چاہیے۔

آپ کیا کہتے ہیں؟

ڈاکٹر

مسلمان کو بے وقوف بنانا یہود و ہنود و نصاریٰ کے لئے کون سا مشکل کام ہے؟ اب مسجد اقصیٰ پر اسرائیلی قبضے اور فلسطین کے مٹ جانے کا جواز فراہم کرنے کا الزام حماس پر ہی آئے گا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM8۔ میٹھا سچ 775

دنیا کے 96 ممالک کے کاروباری لوگ دبئی میں دکانیں سجائے بیٹھے ہیں جو اپنی اپنی زبانوں میں اپنی آوٹ لیٹس کے نام رکھتے ہیں۔ زبانوں کے متنوع پن کی وجہ سے بسا اوقات عجیب و غریب نام بھی سامنے آجاتے ہیں ویسے ہی جیسے پاکستان میں جاٹوں کی کئی ایسی شاخیں ہیں جن کے نام بھی زبان پر نہیں چڑھتے۔

پچھلے دورہ Fat Frogs کے نام والے ایک ریسٹورنٹ سے تو جی بہت متلایا تھا مگر اب اسی شہر کے دبئی میں متوسط طبقے کے علاقہ الغبیبہ میں

متمول علاقے انٹرنیشنل فنانشل سٹی کے اس ریسٹورنٹ "ٹٹی" نے تو حد ہی کر دی ہے۔ معلوم نہیں کون سی زبان میں سے یہ برانڈ چنا گیا ہو گا۔

قادر فضل

یہ اطالوی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے "سب"

ڈاکٹر

شکریہ بتانے کا۔ اس کا مطلب یہ نکلا کہ ہماری ٹٹی سب اطالویوں کے برابر ہے۔

یا پھر اکیلے اطالویوں کی ٹٹی باقی سب کے برابر ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

دبئی، 5 اکتوبر 2023ء

DSM9۔ میٹھا سچ 776

محترمہ نائلہ خاور صاحبہ آپ کے احساس کی قدر ہے اور مسلمان کو جاگنا چاہئے لیکن اب فیصلہ ہو چکا ہے کہ مسجد اقصیٰ پر اسرائیلی قبضہ ہو گا اور فلسطین کا نشان مٹا دیا جائے گا اور ان اقدامات کا جواز خود حماس نے پیشگی حملے کر کے فراہم کیا ہے۔

DSM10۔ میٹھا سچ 777

ہارون

پاکستانی ٹیم اتنی بری نہیں تھی جتنا برا اس نے کھیل پیش کیا ہے بابر اعظم کی کپتانی پر نظر ثانی کی اشد ضرورت ہے۔

ڈاکٹر

میرے خیال سے اس خراب بندوق کو ٹھیک نہ کیا جائے تا کہ اگر ہم ڈریں تو دشمن بھی توڑے۔

دوم کرکٹ چونکہ سو فیصد جوئے کا کھیل ہے اس لئے بکیوں کی چاندی اسی میں ہے کہ آپ کی ٹیم کی یہی ساخت برقرار رکھی جائے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

میٹھا سچ REPEATED 1778 {} DSM

اگر آپ چائے کافی نہیں پیتے، موسیقی نہیں سنتے، بارش میں نہیں بھیگتے، کتاب نہیں پڑھتے، سگار نہیں پیتے، حسیناؤں سے دوستی نہیں رکھتے تو آپ کو موت کا بلکل بھی ڈر نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ آپ برسوں سے مر چکے ہیں۔

2۔DSM779 ۔میٹھا سچ

بھٹو دور میں ایک لطیفہ مشہور ہوا کہ ایوان صدر کی بیرونی دیوار پر کوئی شخص رات کو برش اور پینٹ سے لکھ جاتا تھا کہ

صدر فضل الٰہی چودھری کو رہا کرو۔

سرکاری اہلکار ہر مرتبہ اسے مٹا کر چونا پھیرتے تو دوسرے تیسرے روز پھر وہی عبارت لکھی ملتی۔ آخر ایک رات پولیس نے نگرانی سخت کی اور نصف شب کے بعد ایک شخص کو پکڑ ہی لیا جو کھیس کی

بکل مارے دیوار پر لکھ رہا تھا۔ جب روشنی میں لا کر اس شخص کا کھیس اتارا گیا تو پولیس اہلکار نے سیلوٹ کرتے ہوئے کہا: صدر صاحب آپ....؟؟

صدر عارف علوی کے بھی آج کل کچھ ایسے ہی حالات چل رہے ہیں۔

ڈاکٹر

بیچارے کی مدت بوٹ پالشی مکمل ہونے کو جو ہے۔ پاکستان کو اگر گدھے وزیر اعظم ملتے رہے تو صدر کون سے ڈھنگ کے ملے۔ اس پتلی تماشے میں کوئی محب وطن فٹ ہی نہیں ہو سکتا۔

DSM3۔ میٹھا سچ 780

اس تصویر میں امیگریشن کنسلٹنٹس کے اس دفتر کی بس یہی اہمیت ہے کہ پس منظر میں نظر آنے والے دونوں پلازے اسحٰق ڈار کے ہیں۔

جمیرہ جھیل دبئی، 15 اگست 2023ء

dsm۔4۔ میٹھا سچ 781

زندگی کے سفر میں گزر جاتے ہیں جو مقام۔ وہ پھر نہیں آتے، وہ پھر نہیں آتے۔

شارع امارات، 10 اگست 2023ء

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

۔میٹھا سچ DSM782-5

آدھے سچ سے پورا سچ:

"نوجوان آدھے سچ اور سچ کے درمیان فرق کو سمجھیں" (آرمی چیف)

سر! نوجوان نسل آپ کی اس بات پر پہلے ہی عمل کر چکی ہے اور "آدھے اور پورے سچ" میں فرق کرنا سیکھ گئی ہے-وہ سب سچ جو بچپن سے ٹیکسٹ بک بورڈز کے ذریعے ہمیں آدھے آدھے پڑھائے گیے تھے' اب اس نسل نے ان سب کو اکٹھا کر کے "پورا سچ" جان لیا ہے۔

آدھا سچ: سقوط ڈھاکہ سیاسی عدم اتفاق اور بھارت کی سازش تھی۔

پورا سچ: سقوط ڈھاکہ دراصل ایک محب وطن پاکستانی لیڈر سے اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ کی دشمنی' اس کو اقتدار کی منتقلی سے انکار اور آپریشن سرچ لائٹ کا نتیجہ تھا۔

آدھا سچ: شیخ مجیب ارحمن غدار وطن تھا۔

پورا سچ: شیخ مجیب الرحمن ایک محب وطن پاکستانی' فاطمہ جناح کا ہمنوا اور اپنی قوم کا نجات دہندہ تھا۔

آدھا سچ: پاکستان کی اسٹیبلیشمنٹ کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔

پورا سچ: پاکستان کے سیاستدانوں کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

آدھا سچ: پاکستان کی عدلیہ آزاد ہے۔

پورا سچ: "ہم آپ کو ضمانت دے بھی دیں' جب تک آپ پریس کانفرنس نہیں کریں گے وہ آپ کو پھر اٹھا کر لے جائینگے" (لاہور ہائی کورٹ)

آدھا سچ: پاکستان کا میڈیا آزاد ہے۔

پورا سچ: پاکستان کا میڈیا واٹس ایپ سے چلنے والا مٹی کا باوا ہے۔

آدھا سچ: پاکستان کے ادارے آزاد ہیں۔

پورا سچ: پاکستان کرکٹ بورڈ کی کچھ دن پہلے کی پاکستان کرکٹ ہسٹری کی ڈاکومنٹری دیکھ لیں' آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ کتنے آزاد ہیں۔

آدھا سچ: قانون کی نظر میں سب برابر ہیں۔

پورا سچ: آرٹیکل چھے اور خصوصی عدالت سے آئین شکنی پر سزائے موت پانے والا جنرل مشرف فوجی اعزاز کے ساتھ دفن ہوا اور اس ملک کو آئین دینے والا بھٹو پھانسی چڑھایا گیا۔

آدھا سچ: پارلیمنٹ سپریم ادارہ ہے اور وزیر اعظم ملک کا سربراہ ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

پوراسچ: پارلیمنٹ محض ایک "ربڑ سٹیمپ" ہے اور پچھلے بائیس وزرا اعظم میں سے ایک بھی اپنی مدت پوری نہیں کر سکا۔

آدھا سچ: پاکستان کے عوام اس کے مالک ہیں جن کو اپنا رہنما چننے کا حق حاصل ہے۔

پوراسچ: "مالکوں" نے فیصلہ کر لیا ہے کہ الیکشن اس سال نہیں ہونگے۔

----------اور ابھی آدھے سچ سے پورے سچ تک کا یہ انتھک سفر جاری ہے---

---

۔میٹھا سچ DSM783-6

برائے کنیز

اتنی دور کے کلپ میں جب تک بندر نظر نہیں آیا میں کنفیوز ہی رہا کہ بندر کہا کس کو ہے؟ مجھ سے تو بندر ہی اچھے جنہوں نے سعودی عرب دیکھ لیا۔

۔میٹھا سچ DSM7-784

پنجابی لہجے میں انگریزی بولنے کا اپنا ہی مزہ ہے۔

۔میٹھا سچ {DSM785{REPEATED-8

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

پاکستان میں شرح خواندگی 30 فیصد، سڑکیں 30 فیصد، فصلیں 30 فیصد اور خوشحالی بھی 30 فیصد ہے لہذا انسانیت بھی 30 فیصد ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM9۔ میٹھا سچ 786

بھارت جہاں بجلی فی یونٹ 2.30 بنگلہ دیش 2.25 افغانستان 11.70 ایران 8.90 اور غریب ملک پاکستان 53.20 روپے فی یونٹ کیوں ہے؟ کیا وہاں بجلی پیشاب سے بنتی ہے؟

DSM10۔ میٹھا سچ 787

الیکشن کی بجائے سلیکشن کی قانونی اجازت ہو جائے تو کل ہی شہباز شریف یا کاکڑ جیسا بندہ وزیر اعظم بن سکتا ہے۔

میٹھا سچ DSM788-1

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

انڈیا کے پاس ٹاٹا، برلا اور امبانی ہیں۔

ہمارے پاس آڈیو، وڈیو اور نانی ہیں۔

DSM2۔ میٹھا سچ 789

اس بار تو نواز شریف کبھی بھی بم کو لات نہیں مارے گا۔ اول تو خیر یہ اس کی آخری باری ہے اور دوم اسے سمجھ آ گئی ہے پاکستان میں اصل طاقت کس کے ہاتھ میں ہے۔

DSM3۔ میٹھا سچ 790

کمپنی کو چاہیئے ہی ٹھس اور پھس لوگ ہوتے ہیں۔ اگر ایک بھی عمران نکل آئے تو پھر تو کمپنی ٹھس۔

4۔DSM791۔ میٹھا سچ

طاہرہ

تیرا عشق میری روح کا

رزق ہو گیا

ڈاکٹر

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

پھر تو روح پیاسی ہی رہے گی یا پھر ہیضے کا شکار ہوتی رہے گی۔

DSM5۔ میٹھا سچ 792

برائے تحسین

لمز کے اس بچے کی پھبتی کے اوپر پھبتی سے تو جہالت ہی پروموٹ ہو سکتی ہے مکالمہ نہیں۔ بچہ بھلے سے عمران سے ہی متاثر رہا ہو لیکن بحیثیت "اصلی" وزیر اعظم کا کڑ کو معافی ہی مانگنی چاہئے تھی۔ لیکن اس نے بچے کو بد تمیز کہہ کر بھی تو شاہی چراگاہ کے گدھے والا بر گر ہی کھایا ہے اور کیا کمال کیا ہے؟

DSM6۔ میٹھا سچ 793

برائے اورنگزیب

لیکن پھر اس احمق مگر طاقتور وائس چانسلر جنرل صفدر نے ایک استاد پروفیسر مجاہد کامران کو ہتھکڑیاں لگوا کر میڈیا کے سامنے پیش کیا اور اپنی تربیت ظاہر کر دی۔

DSM7۔ میٹھا سچ 794

کنیز

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

وقتی پریشانی کسی ایسے مخلص دوست سے شیئر کیا کریں جو آپ کی فیملی سے نہ ہو ورنہ آپ اپنی ٹینشن صرف کم نہیں بلکہ دوسروں میں منتقل کرتے ہیں

ڈاکٹر

یہ نہ ہو کہ وہ مخلص دوست ہی بعد میں فیملی بن جائے۔

کنیز

تو پھر دوست بدل لینا چاہیے۔

ڈاکٹر

اور اگر وہ بھی فیملی بن گیا تو پھر کیا سر پیٹ لیں؟

اس کا بہترین حل یہ ہے کہ دوست کے بھی اتنے قریب نہ ہو جائیں کہ وہ رشتے دار جیسا لگنے لگ جائے۔

انگریزی محاورہ ہے کہ

Very closeness smells the body

Or

"If you lie down with dogs, you will get up with fleas."

بہت قربت سے جسم کی خوشبو آتی ہے۔

یا

"اگر آپ کتوں کے ساتھ لیٹیں گے تو آپ پسو کے ساتھ اٹھیں گے۔"

DSM8۔ میٹھا سچ 795

قیوم نظامی

پاکستان کے پہلے 20 سال ریلوے کا نظام مثالی رہا اس کے بعد زوال پذیر ہو گیا اس کی کیا وجوہات تھیں؟

ڈاکٹر

سادہ سی بات ہے کہ انگریز نے ہمیں ریلوے نظام بنا کر دیا اور پہلے بیس سال اگر کسی نے مضبوط نہیں کیا تو کم از کم کھایا بھی نہیں۔

DSM9۔ میٹھا سچ 796

سفینہ

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

جن رشتوں کو نبھانے میں انسان ٹوٹ جائیں ان رشتوں کا ٹوٹ جانا بہتر ہے۔

ڈاکٹر

اور اگر ایسا لگے کہ رشتے توڑ کر ضمیر میں اک کسک سی ہے تو واپس جوڑ لیں۔یقین کریں کوئی اکیلا ہی قصوروار نہیں ہوتا۔

DSM10۔میٹھا سچ 797

چین اگر اپنی کچھار سے نکل کر 37 ممالک سے جڑ جائے تو مخالف 37 ممالک سے نکل کر اپنی کچھار میں واپس چلے جائیں گے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

میٹھا سچ 1

انور مسعود

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

خوبصورت عورت بھی مرد کو حاملہ کر دیتی ہے۔

بس وہ بچہ جننے کی بجائے غزلیں، نظمیں اور آنسو جننے لگتا ہے۔

ڈاکٹر

اکثر شعراء نے تو اس طرح کے ہزاروں بچے جنم دے رکھے ہیں۔ میرے بھی ڈھائی سو کے لگ بھگ ہیں۔

2۔۔ میٹھا سچ

قیوم نظامی

سکالر منیر احمد کے مطابق راہ نجات زکوٰۃ عشر صدقات کے نظام میں ہے۔

ڈاکٹر

انہی سکالر صاحب سے عملاً ایسا نظام چلانے کا کہیں گے تو اپنی بصیرت سمیت میدان چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

۔ میٹھا سچ 3

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

حسن کیش کرانا بھی ایک آرٹ ہے۔ اس لڑکی کی کہانی نے میرا یقین اور پکا کر دیا ہے کہ عورت کو سیکس کی بجائے دولت سے محبت ہوتی ہے جبکہ مرد سیکس کا بھوکا ہے اور بیچارہ دولت کمانے کی مشین بن جاتا ہے۔ البتہ دونوں مل کر ٹچ بٹن کی طرح بہترین جوڑ کا کام کرتے ہیں۔

میٹھا سچ 4

شکیل

ایک کتاب "تاریخ کی اہم ترین سائنسی دریافتیں" کی تفصیل پڑھی تو حیران ہو گیا کہ مصنف نے کتنے سال دنیا کی لائبریریوں میں بیٹھ کر ہزاروں سائنسی کتابوں کو کھنگال کر ان میں سے 100 اہم ترین سائنسی دریافتوں" کا خلاصہ اپنی کتاب میں پیش کیا۔ انسانیت شکر گزار ہے۔

ڈاکٹر

وہ ویلے بھی تو ہیں جو سارا دن کرکٹ میچ دیکھتے ہیں اور ساری رات اس پر تبصرے کرتے ہیں۔

5۔ میٹھا سچ

مسعود

مرد کا پہلا عشق اپنی استانی سے اور آخری ہسپتال میں اپنی نرس سے ہوتا ہے۔ اس حقیقت کی جھلک علامہ اقبال کی زندگی میں بھی نظر آتی ہے۔ علامہ اقبال رحمتہ اللہ نے بھی اپنی استانی ایما کو رومانی خطوط لکھ کر محبت کا اظہار کیا تھا۔

ڈاکٹر

علامہ بھی انسان بن کر ہی آئے تھے اور اللہ نے انہیں نبوت پر بھی فائز نہیں کیا تھا۔

6۔ میٹھا سچ

مطربہ

سانس میں تیری سانس ملی تو مجھے سانس آئی

مجھے سانس آئی

ڈاکٹر

Intermixing of carbon dioxide

۔ میٹھا سچ 7

شکیل

ہمیں اپنے مذہب اور اقبال کی شاعری کو سمجھنے میں ابھی کتنی صدیاں درکار ہیں تاکہ ہم اس جدید صدی کے چیلنجز کو حل کر سکیں؟

ڈاکٹر

براہ راست آپ نئی صدی ہی کو سمجھ لیں۔ واپس مذہب اور اقبال پر جانے کی کیا ضرورت ہے؟

۔ میٹھا سچ 8

یہ پنجابی سے نفرت کے تناظر میں کسی بھئے کے خیالات ہیں جس میں سب سے احمقانہ بات ہی تین بڑے شاعروں اقبال، فیض اور جون کا آپس میں تقابل کرنا ہے۔

۔ میٹھا سچ 9

مستقل قومی مصیبت (ایم کیو ایم) اب گڈ آفٹر نون (نون کے بعد سب اچھا) کے ساتھ ملائی جا رہی ہے۔

۔ میٹھا سچ 10

پاکستان میں ایسا وقت جلد آنے والا ہے جب ذہین لوگوں کو سوچنے سے منع کر دیا جائے گا تاکہ وہ احمقوں کو ناراض نہ کر سکیں۔ منقول

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

۔میٹھا سچ 1

کبھی کبھی دماغ میں ایک بات آتی ہے؟؟

کہ برکت والے سارے وظیفے تو ہم مسلمانوں کے پاس ہیں۔

پھر انگریزوں نے کیسے ترقی کی؟؟؟

ڈاکٹر

ہماری نماز بھی روح سے خالی اور وظیفے بھی۔

میٹھا سچ۔2

پیسہ ایک ایسا رنگین بستر ہے، جس پر غیرتیں، نظریات، آدرش اور عقیدے کپڑے اتار کر بیٹھ جاتے ہیں۔

۔میٹھا سچ 3

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

نیتن یاہو جھوٹ بکتا ہے کہ اسے ایران اور پاکستان سے خطرہ ہے۔ اس نے ایران کو بھاری رشوت دے کر حزب اللہ کے ذریعے حماس سے اپنے اوپر حملہ کرایا ہے اور اس کے بدلے میں آخری فلسطینی کو بھی ختم کر کے مسجد اقصیٰ پر مکمل قبضہ کرنے کا جواز حاصل کر لیا ہے۔ چونکہ پہل حماس نے کی ہے اس لئے ہر مسلمان ملک کی بولتی بند ہے۔ رہا پاکستان تو اس کا نیوکلیئر پروگرام بھی مکمل اس کے قابو میں ہے براستہ امریکہ۔ ترکی سمیت تمام 58 اسلامی ممالک مکمل طور پر اسرائیل کی مٹھی میں ہیں۔

۔ میٹھا سچ 4

کنیز

سعودی عرب میں جب کسی پڑوسی کے گھر سے کھانا آتا ہے تو یہ نہیں پوچھنا پڑتا کہ آج کس کا ختم شریف ہے وہ ویسے ہی سنت کے طور پر بھی بھیج دیتے ہیں۔

ڈاکٹر

وہ اپنے اونٹ کا ختم شریف روزانہ مناتے ہوں گے۔

اپل

آپ، دبئی میں ہیں، یہ بات آپ سے بہتر کون سمجھ سکتا ہے جناب۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر

یہاں مشہور ہے کہ اگر عرب سے پکی دوستی رکھنی ہے تو اس کے اونٹ کی خدمت کرو۔

میٹھا سچ 5

جب تک مذہب اور جہالت کا مشترکہ شکنجہ ہے ہمارے معاشرے کی عورت اور مرد دونوں آزاد نہیں ہو سکتے۔

۔میٹھا سچ 6

وجدان

آپ کے پاس جو طلسم ہے۔۔

وہ تمام زمانے کا علم ہے۔۔۔

دنیا آپکے پیچھے ہاں مقاصد کے لیے۔۔۔۔

ڈاکٹر

چلئے یہ بھی میری خوش قسمتی نہیں کہ کچھ حسینائیں پیسے دھیلے ہی کی خاطر مگر پیچھے پیچھے پھرتی ہیں اس عمر میں بھی؟ ویسے وہ کافی چالاک ہی رہی ہوں گی کہ پیسے پر بھی ہاتھ مار لیں اور رہیں بھی کنواری کی کنواری۔

۔میٹھا سچ 7

وقار

جان کی امان پاؤں تو کچھ عرض کروں، ہم ترقی کر کے مغلوں کے دور میں پہنچ گئے ہیں۔

ڈاکٹر

بلکہ بیک مارتے مارتے کہیں دوبارہ وہیں نہ جا گھسیں جہاں سے نکلے تھے۔

ویسے مغلوں کا دور ہم سے اچھا تھا ہم تو کہیں پتھر کے زمانے میں پہنچے لگتے ہیں۔

۔میٹھا سچ 8

گرا پڑا جو بھی معیار آزادی کے وقت موجود تھا اسے بھی روکنے کے لئے بھٹو نے تعلیم قومیالی جو ہماری تعلیم کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوئی۔

۔میٹھا سچ 9

زارا چیمہ

باپ کے بعد عورت کا سب سے محفوظ سہارا اس کی تنخواہ ہے۔

ڈاکٹر

اور اسی سوچ نے طلاقوں کی شرح بڑھادی ہے۔

۔میٹھا سچ 10

جاٹ صاحب نے ایک پنجابی و لگر لطیفے کو صاف ستھری کہانی کا روپ دیا ہے تو کیا برا کیا ہے۔ اور وہ لطیفہ میں یہاں سنا نہیں سکتا۔

باپ نے پورے گاؤں کی عورتوں سے زنا کیا ہوا تھا۔ بیٹے کی شادی کے لئے شرط رکھی تھی جس لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہو اس کی جنسی رطوبت لے کر آیا کرو۔۔۔

میٹھا سچ 1۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

عبداللہ

بیوی ناراض ہو اور غلطی بھی بیوی کی ہی ہو تو شوہر کو کیا کرنا چاہیے۔

شادی شدہ اور تجربہ کار لوگ بتائیں۔

ڈاکٹر

اللہ کا شکر ادا کرنا چاہئے۔

۔میٹھا سچ 2

میں بھی شاعر بننا چاہتا ہوں مگر میرے پاس نہ خیال ہے، نہ الفاظ اور نہ وزن۔ خدا کے لئے کوئی ہمیں گمنام شاعروں کا اچھا سا کلام ہی چوری کرنا سکھا دے پلیز۔

۔میٹھا سچ۔3

پاکستان واقعی نازک حالات سے گزرتا ہے یا چین سے زیادہ پیسے بٹورنے کے لیے ڈرامے کرتا ہے۔

اس کا جواب تو کوئی مستند بھکاری ہی دے سکتا ہے۔

۔میٹھا سچ 4

دو بچوں کے بعد مرد آپریٹ کروالیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

I mean ligation

۔میٹھا سچ 5

مطربہ

"فرانز کافکا صاحب" کی فرینڈ ریکوئسٹ آ گئی ہے۔ ارے میں اتنی مشہور ہوں کہ دور دراز کی ارواح بھی دوستی کی خواہش مند ہیں۔۔۔ماشاءاللہ۔۔۔

ڈاکٹر

مجھے کچھ دن قبل تین ایسی ہی دوستی کی درخواستیں موصول ہوئیں۔ پہلی "چی گویرا جی" کی تھی جو میں نے نو مئی کے ڈر سے قبول نہیں کی۔ دوسری "عمران خان" کی تھی جسے جیل جانے کے ڈر سے مسترد کر دیا۔ بالآخر "زندہ لاش" والی تیسری قبول کر لی کیونکہ وہ مظلوم بھی میرے جیسا ہی لگ رہا تھا۔

۔میٹھا سچ 6

برائے کنیز

تم نے چونکہ اپنی اندر کی شاعرہ کا گلا گھونٹ دیا ہے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ تمہاری یاد میں تمہارے اشعار کو بچوں کی طرح پالوں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

۔میٹھا سچ 7

جب مخالف کے پاس تمھارے خلاف کچھ نہ ہو پھر وہ تمہاری ذات پر حملہ کرے گا اور تہمتیں لگائے گا، پھر تم سمجھ جانا کہ مخالف ہار چکا ہے اور اللہ نے تمہیں سرخرو کر دیا ہے۔ جب دشمن کی بات عورتوں پر آجائے تو سمجھ جاؤ دشمن ہار گیا ہے "عمران خان" کا خوف اُس کی جیت آج نظر آگئی۔

۔میٹھا سچ 8

چھہتر سال سے ملک میں باندر کلہ یا میوزیکل چیئرز کا موذی کھیل جاری ہے جو عوام کے حقوق کو کھا گیا ہے۔

۔میٹھا سچ 9

آسٹریلیا کے کرکٹ کپتان نے کپ جیت کر اسے پاؤں کے نیچے دے دیا۔

بھارت نے جس ٹرافی کو جیتنے کیلئے محنت کیساتھ ساتھ ہزار چالیں مکاری عیاری کی اس ٹرافی کیساتھ اگلوں نے یہ سلوک کیا ہے۔

یہ اک پیغام ہے ان لوگوں کیلئے جو کھیل کو دوسروں کی تضحیک کیلئے استعمال کرتے ہیں یہ اصل میں انڈیا کے اس غرور اور تکبر کا علاج ہے جو وہ دوسروں سے کرتے ہیں کہ یہاں کھیلنا ہے یہاں نہیں ادھر آئیں گئے ادھر نہیں اسکو لیں گئے اسکو نہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

یہ اک زور دار طمانچہ ہے بھارت کی ہندوانہ سوچ کے منہ پر۔

10۔ میٹھا سچ

برائے قیوم نظامی

سر سچ تو پہلے دن بھی تھا جب 1906ء میں گورے کے ایماء پر مسلم لیگ بنوا کر سر شفیع اور قائد اعظم کو اس میں یکجا کر دیا گیا تھا۔ اور یہ سچ اس دن بھی تھا جب 1915ء میں روس میں لینن انقلاب لایا تھا اور 1938ء تک سٹالن نے آ کر گورے کے چھکے چھڑا دیئے تھے لہٰذا جنیوا میں امریکی سفیر نے 1934ء اور 1935ء میں قائد اعظم کو خطوط لکھ کر علیحدہ وطن کا خواب دکھا کر ان کی خدمات طلب کی تھیں۔ اور پھر وہی گورا 1939ء تا 1944ء دوسری جنگ عظیم میں اپنی کمزوری کا بہانہ کر کے برصغیر کی ساری پلاننگ اپنے بھائی امریکہ کے حوالے کر کے وطن واپس ہو گیا مگر دولت مشترکہ میں لگ بھگ 45 غلاموں کے کرپٹ عناصر کی ڈیوٹی لگا دی کہ جیسے ہم براہ راست دولت لوٹتے رہے ان ممالک کے کرپٹ عناصر بھی یہی کام بلواسطہ کر کے آئندہ بھی ساری دولت گورے ہی کے پاس جمع کراتے رہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

میٹھا سچ 1۔

اگر امریکی دوربین جیمز ویب نہ بھی خلا میں جاتی تو قرآن کے الفاظ ہی کافی تھے لیکن تعریف تو وہ جو امریکہ کی ہو۔

۔میٹھا سچ 2

وقار

جی محترم جانتا ہوں عورت کے کم و بیش تمام روپ اور نفسیات۔ اس لئے میں بڑی دلچسپی سے عورتوں کی نفسیات کی دعویدار خواتین لکھاریوں کا بھی تفصیلی مطالعہ کر کے عموماً ان کی ورفنطنیوں کو یکسر مسترد کر دیتا ہوں۔ ہاں عورت کے چند نفسیاتی حقائق جو عورتوں کے جھرمٹ میں رہنے والے مرد کی حیثیت سے میں نے تسلیم کر رکھے ہیں وہ اتنے پختہ ہیں کہ مذکورہ کچی تحریر ان پر کوئی الٹا اثر نہیں ڈال سکتی۔ میں عموماً عورتوں کے ساتھ ادب کے دائرے میں رہتا ہوں کیونکہ یہی میں نے بزرگ مردوں سے بھی سیکھا ہے اور مغربی معاشرے سے بھی۔

DSM2۔ میٹھا سچ 989

جی آپ کی بات درست ہے کہ ہر برائی میں امریکہ کا نام نہیں لینا چاہئے لیکن واقعی امریکہ سارے پاکستانیوں کو نہیں پوچھتا بلکہ صرف ایک بندے (آرمی چیف کو وائس رائے سمجھتے ہوئے) کو ہی نہ صرف پوچھتا بھی نہیں بلکہ براہ راست آرڈر ہی لگا دیتا ہے بحیثیتِ آقا۔

DSM3۔ میٹھا سچ 990

امریکہ کے تسلط سے نجات کے لئے وہ وقت بڑا اہم تھا جب عمران امریکہ کو للکار رہا تھا اگر اس وقت سبھی لیڈر خان کی آواز میں آواز ملاتے تو آج ذلت اور مسلسل غلامی والے دن نہ دیکھنے پڑتے۔

DSM4۔ میٹھا سچ 991

اگر پاکستان اور ایران اپنے انتقامی اقدامات کو تھوڑا سا طول دے دیا جائے تو پاکستان میں چناؤ کی بجائے ریفرنڈم کرا کے رجیم چینج والے درآمد شدہ بھگوڑے کو براہ راست ہی حکومت دے دی جائے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM5۔ میٹھا سچ 992

کسی مہذب ملک میں ایسا ہوتا ہے کیا کہ الیکشن سے پہلے ایک بڑی جماعت کو الیکشن سے باہر کر دیا جائے۔ قاضی فائز عیسیٰ نے سہولت کاروں کا حق ادا کر دیا لیکن اپنی رسیدیں پیش نہ کر سکے۔

DSM6۔ میٹھا سچ 993

شعیب

مولوی صاحب نے سڑک پر چلتے ایک لڑکی کو ننگے سر دیکھا تو انہیں بہت برا لگا۔ اپنی دھوتی اتار کر لڑکی کے سر پر ڈال دی۔

یہی کام ہمارے فیصلہ سازوں نے نون لیگ کا پردہ رکھنے کے لیے کیا اور خود بیچ چوراہے ننگے ہو گئے۔

ڈاکٹر

یہ بھی قاضی کے دباؤ پر سپریم کورٹ کا فیصلہ ہی تھا ناں کہ کوئی ججوں بلکہ ان کے رشتے داروں کے اثاثوں بارے بھی نہیں پوچھ سکتا؟ اسی فیصلے سے سرینا قاضی کے نواز شریف کے بخشے لندن فلیٹوں بارے ریفرنس واپس ہوا تھا۔

DSM7۔ میٹھا سچ 994

عائشہ

شفاف الیکشن کروانا آپ کا فرض ہے اور موروثیت اور مافیا کے خلاف ووٹ دینا قوم کا فرض ہے۔

ڈاکٹر

اگر ایسا ہی کرنا ہوتا تو عمران سے حکومت کیوں چھینی جاتی اور پھر اس فارمولے کا تو صاف صاف مطلب یہی نکلتا ہے کہ نواز شریف، زرداری و فضلو وغیرہ کو نیست و نابود کر کے جیسے عمران کی فتح کا اعلان کیا جا رہا ہو۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM8۔ میٹھا سچ 995

عظیم اشارہ۔

اگر آپ میں اتنی طاقت ہے کہ ریسٹورنٹ میں اکیلے بیٹھ کر کھانا کھا سکیں یا اکیلے فلم دیکھ سکیں تو یقین کریں آپ دنیا میں وہ سب کچھ کر سکتے ہیں جو آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

DSM9 میٹھا سچ 996

برائے عذر اسلطانہ

آپ کتنی صاف گو ہیں جو اپنی ہی بریڈ بارے سچ بول کر مرد ذات کو بربادی سے بچانے کا نسخہ بتا گئی ہیں۔ آپ کی اس انسانی خدمت پر نوبل پرائز تو بنتا ہے کیونکہ آج کے دور میں سوشل میڈیا کے ہاتھوں خاندانی ٹوٹ پھوٹ کی تیزی کو آپ کے نسخے سے سست کیا جا سکتا ہے۔ اللہ آپ کو یہ جہاد جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

DSM10۔ میٹھا سچ 997

ہم جیسے آدھے جاہل اور آدھے نیم خواندہ معاشرے میں لوگوں کو سمجھ ہی نہیں آتی کہ کون سا امیدوار لٹیرا ہے اور کون سا ایماندار۔ انہیں تو بس اپنے جائز و ناجائز کام نکلوانے کی فکر ہوتی ہے چاہے ان کی اولادوں کا مستقبل تاریک ہی ہو جائے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

1۔DSM998۔میٹھا سچ

منٹو کو شاید علم نہیں تھا کہ برا مرد گناہ چھپانے کے لئے صرف اچھے مرد جیسی داڑھی نہیں بڑھاتا بلکہ بری عورت بیوٹی پارلر نہ جائے یا فیشیل نہ کروائے تو نہ صرف داڑھی بڑھا سکتی ہے بلکہ نیک عورت کی طرح کا عبایہ بھی اوڑھ سکتی ہے۔

2۔DSM999۔میٹھا سچ

اس شہر بے مثال میں، بس مجھ کو چھوڑ کر

ہر شخص لاجواب ہے، ہر شخص باکمال

DSM3۔میٹھا سچ1000

مروت بھائی بہت خوبصورت مثال دی ہے آپ نے۔ میں نے سیاستدانوں کو کسان، گدھے کو عوام اور پڑوسی اسٹیبلشمنٹ کو سمجھ کر خوب انجوائے کیا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM4۔ میٹھا سچ 1001

قول

اگر آپ کسی کا اتنا خیال رکھتے ہیں جس کا وہ حقدار نہیں تو آپ بھی اتنے زخمی ہوں گے جس کے آپ حقدار نہیں۔

ڈاکٹر

اسی لئے ہم تمام زندگی زخمی ہی رہے اب سوچ رہے ہیں کہ یا تو سب کو کولڈ شولڈر دیں یا پھر تخلص ہی "زخمی" رکھ لیں جیسے ہمارے دوست حکیم سجاد زخمی۔

DSM5۔ میٹھا سچ 1002

برائے تنزیل رائٹرز کلب

میں نے دیسی دوائی کی ایک کمپنی سے یہ خبر بھی سنی تھی کہ ٹائمز میگزین کے ایک برطانوی رپورٹر نے معقول رقم کے عوض صحافی کو لاہور ائیر پورٹ پر طبیعت خرابی کے بہانے اپنا شربت پلا کر اس سے تعریفی رپورٹنگ کرائی اور بعد میں آج تک سینکڑوں گنا زیادہ منافعے میں وہ شربت بک رہا ہے۔ ہمارے خبر رساں ادارے منافع بخش جو کام آج یہاں کر رہے ہیں وہ طریقے انہوں نے مغرب ہی سے سیکھے ہیں وہ الگ بات کہ مغربی جرائد نے ایک خصوصی طریقہ کار سے اپنی ساکھ آج

تک بچا رکھی ہے۔ آرمی چیف کے بیان کو یکسر غلط قرار دے دینا بھی تو زیادتی اور کم فہمی ہو سکتی ہے۔

DSM6۔میٹھا سچ 1003

ڈاکٹر

ذرا غور کریں کہ عوام کو بے وقوف بنانے کے لئے کون ان سیاستدانوں کو لیکر آتا ہے بار بار؟

گمڑو

سلطان محمود بلکل جیسے پہلے بھی بے وقوف تھی قوم دو ہزار اٹھارہ میں۔

ڈاکٹر

تو ثابت ہوا کہ عوام بے حد و حساب بے وقوف ہے ایک بندر والا ڈگڈگی بجا کر بندر نچواتا ہے اور احمق لوگ اس تماشے میں کھو جاتے ہیں۔

7۔میٹھا سچ DSMs1004

موٹی عورت میں دو خوبیاں ایسی ہیں جو پتلی لڑکیوں میں عموماً پائی نہیں جاتیں۔ اول خوش باش اور ہنسنے کھیلنے والی ہوتی ہیں دوم مرد سے وظیفہ زوجیت میں بازی لے جاتی ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM8۔ میٹھا سچ 1005

اپل

ہمارا مشاہدہ ہے کہ جماعت اسلامی کے لوگ، عموماً کرپٹ نہیں ہوتے لیکن ووٹ دینے سے ڈرتے ہیں۔۔۔ کہ کچھ سیٹیں جیت کر، یہ ان لوگوں کے ساتھ نتھی نہ ہو جائیں، جنہیں ہم کسی صورت بھی ووٹ نہیں دینا چاہتے۔

ڈاکٹر

کھل کر جماعت کو ووٹ دیں اور حکومت کی فکر نہ کریں کیونکہ آج تک محض ووٹوں کی بنیاد پر ایک بھی حکومت نہیں بنی۔ جب بھی حکومت بنی بوٹ پالش کر کے بنی۔ اب بھی نواز شریف برش لئے گھوم رہا ہے۔

برائے ریحان اشعر

ستتر میں مارشل لاء کے ساتھ نتھی ہو کر نو ماہ وزارتیں لئے بیٹھی رہی۔ 2008ء میں اتحاد نہ بنا سکی اور پیپلز پارٹی کو جتوا دیا، 2013ء میں بھی ایسا ہی کیا اور نون لیگ کو جتوانے کا باعث بن گئی۔ 2018ء میں اتحاد نہ بنا پائی اور نون لیگ کے ووٹ توڑ دیئے اور اب خود تو دو ایک سیٹیں ہی لے

پائے گی لیکن عمران کو پورا نقصان پہنچادے گی۔ جماعت کو اگر سیاست کرنی آتی ہوتی تو پھر ملک کے اتنے برے حالات نہ ہوتے۔

برائے شاہد

ستر کی اسمبلی میں جماعت کے صرف چار ارکان تین سو پر بھاری رہے لیکن افسوس ستتر میں جماعت مارشل لاء کی گود میں جا بیٹھی۔

میٹھا سچ DSM1006-.9

کیا وفا کے بغیر بھی محبت ہو سکتی ہے (وقار)

اگر دو زبانیں جوڑ کر ہی سوال بنانے ہیں تو یوں بھی لکھ ماریں تو لوگ آپ کو اور بڑا دانشور سمجھیں گے بلکہ چاہت علی خان کی بجائے راحت علی خان سمجھنے لگ جائیں گے۔

کیا بغیر فائر کے بھی آگ ہو سکتی ہے؟

کیا بغیر خوش دامن کے بھی ساس ہو سکتی ہے؟

کیا بغیر فرینڈ شپ کے بھی دوستی ہو سکتی ہے؟

کیا بغیر نقطے کے بھی نکتے ہو سکتے ہیں؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

کیا بغیر بحر کے بھی سمندر ہو سکتے ہیں؟

کیا بغیر دامسکی کے بھی عورت ہو سکتی ہے؟

کیا بغیر کیف حالک کے بھی حال پوچھا جا سکتا ہے؟

کیا بغیر ڈائیورس کے بھی طلاق ہو سکتی ہے؟

کیا بغیر گلیو کے بھی گوند ہو سکتی ہے؟

کیا بغیر ویسٹ کے بھی مغرب ہو سکتا ہے؟

کیا بغیر بلاٹنگ پیپر کے بھی سیاہی چوس ہو سکتا ہے؟

کیا بغیر سٹوپڈ کے بھی چول ہو سکتا ہے؟

کیا زرین ملفوظات حیات کے بغیر بھی لائف بیسٹ نوٹس ہو سکتے ہیں؟

کیا بغیر بلیڈنگ کے بھی خون نکل سکتا ہے؟

بلکہ

کیا بغیر انگریزی اور فارسی کے بھی اردو ہو سکتی ہے؟

وغیرہ وغیرہ

DSM1007۔ میٹھا سچ

دودی

کچھ لوگوں کے سامنے اپنے آپ کو کم علم اور بیوقوف ظاہر کرنے کا مزہ ہی اپنا ہے۔

ڈاکٹر

جی ہاں پھر دیکھیں سامنے والے کی دانشوری کیسے چھلک چھلک پڑتی ہے۔

DSM1008-1۔ میٹھا سچ

Receiving info from cousins and siblings to open an Amazon Store in Dubai for my friend Munim Islam who becomes interested in every second business.

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اپنے دوست منعم اسلام کے لیے دبئی میں ایمیزون سٹور کھولنے کے لیے کزنز اور بہن بھائیوں سے معلومات حاصل کر رہا ہوں جو ہر دوسرے کاروبار میں دلچسپی رکھتا ہے۔

Lahore, 12Jan24.

DSM2۔ میٹھا سچ 1009

The Basis of language is not connected with place of birth but it is related to be grown up in a geographical placement of the descendants.

زبان کی بنیاد پیدائش کی جگہ سے جڑی ہوئی نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق اولاد کے جغرافیائی مقام پر پروان چڑھنے سے ہے۔

DSM3۔ میٹھا سچ 1010

برائے محمود فیاض

ہاہاہاہاہاہا اب کتابیں پڑھتا کون ہے؟

جی سر یہ پچھلے زمانے والی خواہشات کی اس مصنوعی ذہانت والے دور میں ذرا گنجائش نہیں۔ میں نے چوبیس برس قبل چھپنے والی اپنی پہلی کتاب بھی کبھی بیچنے کا سوچا بھی نہ تھا۔ کوئی صاحب میری دفتر

میں غیر موجودگی کے باعث تین سو روپے پکڑا گئے جو اسی آفس بوائے کو دان کر دیئے۔ اب یہ ذریعہ آمدن ہے ہی نہیں۔ میں نے اب تک اپنی جیب سے چھپوا کر 24 کتابوں کی 6700 کاپیاں مفت تقسیم کی ہیں۔ معذرت

DSM4۔ میٹھا سچ 1011

نامعلوم

غصّے میں کبھی جواب نہ دیں۔ کچھ وقت حاصل کریں، میسج لکھ کر رکھ لیں اور اپنے ٹھنڈے ہونے کا انتظار کریں کچھ وقت بعد اس کو دیکھیں بلکہ تھوڑا سا ٹھہر جائیں، کچھ وقت کے بعد دوبارہ پڑھیں آپ یقیناً اس میں کچھ تبدیلیاں کرنا چاہیں گے۔ ایسا کر کے دیکھیں آپ کو نقصان نہیں ہو گا۔

ڈاکٹر

اگلے روز دیار غیر میں بھائی نے مجھے گالیاں لکھ بھیجیں۔ میں نے حقائق پر مبنی ایک وائٹ پیپر لکھ مارا لیکن آپ کی ہدایت کے مطابق سینڈ

نہیں کیا اب پچھلے چار ماہ میں دو بار صرف پڑھا اور مزید اضافہ کرنا پڑا۔ ایک باریک بین کو بھی سنایا کہ شاید بھائی کا دل نہ ہی توڑنا پڑے مگر اس نے بھی کچھ اضافہ تجویز کر دیا۔ میرے لئے کیا حکم ہے؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM5۔میٹھا سچ1012

Usman Mustafa

What after 2018?

DSM

Simply because the establishment tried to introduce a new face against two big parties. So in this post, IK is compared with two other political reigns but interestingly failure occured every time.

You may agree that real power was lying in the hands of establishment since independence so they were firm on one point agenda i.e., to destabilize every such politician who could go against (1) American policies through their viceroy sitting in Rawalpindi, as well as (2) who would be able to become real threat to the establishment on the basis of face value.

Bhutto and IK were removed due to these very reasons but NS due to the fact of his disloyalty with the viceroy.

عثمان مصطفی

2018 کے بعد کیا ہو گا؟

ڈاکٹر سلطان محمود

محض اس لیے کہ اسٹیبلشمنٹ نے دو بڑی جماعتوں کے خلاف ایک نیا چہرہ متعارف کرانے کی کوشش کی۔ چنانچہ اس پوسٹ میں عمران خان کا موازنہ دو دیگر سیاسی دوروں سے کیا گیا ہے لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ ہر بار ناکامی ہوئی۔

آپ اس بات سے اتفاق کر سکتے ہیں کہ آزادی کے بعد سے اصل طاقت اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھ میں تھی اس لیے وہ ایک نکاتی ایجنڈے پر ڈٹے ہوئے تھے یعنی ہر ایسے سیاستدان کو غیر مستحکم کرنا جو (1) راولپنڈی میں بیٹھے اپنے وائسرائے کے ذریعے امریکی پالیسیوں کے خلاف جا سکے۔ 2) جو چہرے کی قدر کی بنیاد پر اسٹیبلشمنٹ کے لیے حقیقی خطرہ بن سکیں گے۔

بھٹو اور عمران خان کو انہی وجوہات کی بنا پر ہٹا دیا گیا تھا لیکن نواز شریف کو وائسرائے کے ساتھ ان کی بے وفائی کی وجہ سے ہٹا دیا گیا تھا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM6۔ میٹھا سچ 1013

پچھتر سالہ ملکی حالات کا نچوڑ۔ پہلے آئی ایم ایف سے قرضے لیکر آپس میں بانٹو پھر عوام پر ٹیکس لگا کر خون چوڑ کر قرضے واپس کرو۔

ڈاکٹر

یہ تو آئی ایم ایف کا ہتھکنڈا ہے کہ حکومتوں میں کرپٹ بندے ڈھونڈ کر زبردستی قرضے دیتا ہے اور پھر امریکی مقاصد کے لئے بلیک میل کرتا ہے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 1014

بابا

آپکا ووٹ ابابیل کی چونچ میں وہ کنکر ہے جو اس ملک کے ہاتھیوں سے آپکی جان چھڑوا سکتا ہے۔

ڈاکٹر

لیکن محترم کوئی ووٹوں کو گن کر فیصلہ کرے گا تو پھر ناں۔ ہمارے ہاں تو فیصلے پہلے ہوتے ہیں اور چکاوے کے طور پر انتخابی ڈرامے بعد میں رچا لئے جاتے ہیں۔

DSM8۔ میٹھا سچ 1015

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سبھی نے کھانے پر تبصرے کئے ہیں۔ مرحوم ناصر زیدی بیچارے بھی اگلے جہان میں بیٹھے سوچ رہے ہوں گے کہ اچھا ہوا لاہور سے اٹھ گیا جہاں کسی کو میری کتاب یا شخصیت پر دو فقرے لکھتے ہوئے بھی بھوک ستانے لگی جاتی ہو گی۔

DSM9میٹھا سچ1016

پلسیا بھی کہہ دیا اور زیادہ گرا ہوا بھی۔ یعنی کریلے کو نیم پر چڑھا دیا۔

DSM10۔ میٹھا سچ1017

کیا لوگ اس قدر بے وقوف ہیں کہ ایک بندر والا ڈگڈگی بجا کر بندر نچاتا ہے اور احمق لوگ اس تماشے میں کھو جاتے ہیں (غیر سیاسی) {REPETED WITH SOME PARTS OMITTED}

DSM1۔ میٹھا سچ1018

راوی وِچوں وگھیاں تِن نہراں

دو سُکیاں تے اِک وگے ای ناں

جیہڑی وگے ای ناں، اودے وچ آئے تِن بمب نہاون

دو ڈُب گئے تے اک لبھے ای ناں

جیہڑا لبھے ای ناں، اُونوں لبھیاں تِن گاواں

دو پھنڈراں تے اک سُوئے ای ناں

جیہڑی سُوئے ای ناں اونے دتے تِن وچھے

دو لنگڑے تے اک اُٹھے ای ناں

جیہڑا اُٹھے ای ناں اودی قیمت تِن رَپے

دو کھوٹے تے اک چلے ای ناں

جیہڑا چلے ای ناں اونوں آئے تِن سُنیارے ویکھن

دو اَنے، اِک نوں دِسے ای ناں

جِنھوں دِسے ای ناں اونوں ماریاں تِن مکیاں

دو کُھس گئیاں تے اِک وجی ای ناں

2۔ 😁 DSM1019۔ میٹھا سچ

برائے ہارون پاشا

جناب وقت کی نبض پر ہاتھ رکھا کریں اور غیر جانبدار رہیں گے تو بات میں وزن آئے گا۔ شفاف نتائج سے تو اسٹیبلشمنٹ کی دھول اڑ جائے گی اور ایسا کبھی ہونا نہیں۔

3 🙏 DSM 😁 1020۔ میٹھا سچ

ویسے تو اجتماعی خودکشیاں بھی جاپان ہی میں ہوتی ہیں لیکن اصل اسلام بھی وہیں نظر آتا ہے۔

4 🙏 DSM 😁 1021۔ میٹھا سچ

یقین رکھیں کٹھ پُتلی سیاستدان کبھی ملک میں کوئی واضح بہتری نہیں لا سکتے جب تک اسٹیبلشمنٹ کے بغیر اچھی پالیسیوں کا تسلسل نہ قائم ہو جائے۔

5 🙏 DSM 😁 1022۔ میٹھا سچ

یاد رکھیں کہ کوئی راز بھی راز نہیں رہتا وہ ظاہر ہو کر ہی رہتا ہے جلد یا بدیر۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر سلطان محمود

6 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1023

7 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1024

واقعی یہی کچھ ہو رہا ہے لیکن سوچتا ہوں کہ رضیہ کی طرح پاکستان کو اتنے غنڈے نوچ رہے ہیں تو یہ ٹائی ٹینک کیسے کھڑا ہے اب تک؟

8 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1025

اگر ہر کام اللہ کی مرضی سے ہو رہا ہے تو ملک ریاض، نواز شریف، زرداری وغیرہ کو ہم کیوں کوستے ہیں؟ ان کی دولت میں اضافہ بھی پھر اللہ کی مرضی سے ہی ہوا ہو گا؟

9 🙏 DSM 😁 میٹھا سچ 1026 😜 .

ہندوستان پر برطانوی راج میں تو عمران جیسی غداری پر سزائے موت دے دی جاتی تھی تاکہ باقی عوام ڈر جائے۔ عمران جب آج کے امریکن وائسرائے کے سائفر والے پول کھولے گا تو ایسا تو ہو گا۔

Slavery continued .....

۔میٹھا سچ 101027 🙏 DSM 😁

سب سے پہلے بینظیر نے پاکستانی عدالتوں کو کینگرو کورٹس کہا لیکن اب دنیا بھر کی عدالتوں کی رٹینگ میں سب سے نچلے درجے پر گرتے ہی دنیا بھر میں اسے کینگرو کورٹس کہا جارہا ہے۔ یہ اعزاز پہلے وینزویلا کے پاس تھا۔

۔میٹھا سچ 1028DSM-1

موجودہ سمیت بارہ کے بارہ چناؤ کے فیصلے عوام کے ووٹوں کا ڈھکوسلہ رچا کر نادیدہ طاقتوں نے خود کئے۔

احسن

یہ پہلا میٹھا سچ ہے جو سچ ہے۔

ڈاکٹر

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

میرے سچ سو فیصد درست نکلنے کا سب سے بڑا ثبوت یہ کہ میرے کہنے کے مطابق نواز شریف ایک دفعہ پھر بوٹ چاٹ رہا ہے۔

2 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1029

انتخابات کے باعث بیرون ملک سے لوگ دھڑا دھڑ پاکستان آنے کی وجہ سے ہوائی سفر کے کرائے ڈیڑھ گنا ہو گئے ہیں۔ واپسی پر جہاز قریباً خالی جا رہے ہیں۔

ڈاکٹر

اگر یہ رپورٹ درست ہے تو سابقہ پی ڈی ایم اپنا بندوبست سوچ لے۔

3 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1030

تصوف اور نفسیات کی زبان میں خود ترسی سے گزرنے والا انسان اپنے آپ سے شدید محبت یا شدید ہمدردی میں ڈوب کر آنسو بہانے لگ جاتا ہے۔

4 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1031

انسان کے نفس کو اپنے آپ سے شدید محبت ہوتی ہے۔ لہٰذا اسے اپنے ساتھ ہمدردی کرنے والے دوسرے شخص سے تعلق رکھنا کمفرٹ زون میں لے جاتا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

5 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1032

سٹیفن ہاکنگ اپنی زبان اور انگلی تک نہیں ہلا سکتا تھا مگر اس معذوری کے باوجود اس نے بلیک ہول دریافت کئے اور صدی کا سب سے بڑا سائنسدان کہلایا۔ اس نے کہا کہ میری جسمانی معذوری نے مجھے زیادہ سوچنے کا موقعہ دیا۔

6 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1033

انسان کی اپنی جسمانی یا روحانی تکلیف اسے عظیم انسان بنا سکتی ہے بشرطیکہ وہ اپنی معذوری پر آنسو بہانا نہ شروع کر دے۔

7 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1034

کیا آپ کو یقین ہے کہ اسٹیبلشمنٹ ووٹوں پر ایمانداری سے فیصلے کرے گی؟

8 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1035

مجھے ایسے مجاہدین کی تلاش ہے جن کا کاروبار کو ویڈ نے تباہ کر دیا تھا مگر وہ رات جاگنے کی عادت پڑ چکنے کے باوجود ابھی تک کامیابی کے خواب دیکھ رہے ہوں۔

9 🙏 DSM 😁 میٹھا سچ 1036 😜

بقول نوبل پرائز یافتہ بنگالی ڈاکٹر یونس کے غربت اک جرم ہے چاہے وہ فرد سے سرزد ہو یا معاشرے سے۔

بقول حضرت علی غریب وہ ہے جس کا کوئی دوست نہیں۔

اور کسی نفسیات دان سے سنا تھا کہ غریب وہ ہے جسے اپنی خواہشات پر قابو نہیں۔

مگر بقول حضرت واصف علی واصف غریب وہ ہے جسے اللہ کی رضا میں راضی ہونا نہیں آتا۔

میرا ماننا ہے کہ اگر ہمیں اپنی کسی جولانیٔ طبع کے باعث معاشرے کے ناہموار راستوں پر چلنا نہ آئے تو غربت ہمارا مقدر بنتی ہے۔

بات جس کی بھی درست ہو مگر ہم یقین رکھتے ہیں کہ غربت اک لعنت ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

10 🙏 DSM 😁 ۔میٹھا سچ 1037

وکیلوں نے اپنے رزق کی خاطر عدالتی نظام کو جان بوجھ کر پیچیدہ تر بنا دیا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

1۔ میٹھا سچ DSM1038

جو اس طویل پیغام کو اور وہ بھی انگریزی میں پڑھ لے اسے ستر ہزار نیکیاں ملیں گی اور جو کامیابی سے پڑھ لے اور پھر سمجھ بھی لے بلکہ اس پر عمل بھی کر لے تو اسے ستر کروڑ نیکیاں اور جو آگے پھیلا دے اسے ستر ارب۔ مگر ہاں یہ گارنٹی نہیں کہ اگر پھیلانے والے کو ستر "ارب" نیکیوں کی بجائے محض ستر "عرب" مہمان ہی مل گئے تو وہ اپنے کباڑے کا خود ذمہ دار ہو گا۔

2۔ میٹھا سچ DSM1039

اپنا رزق تو وہ بھی حلال سمجھتے ہیں جو دفتری اوقات، گاڑی، پٹرول، ملازم، فون، نیٹ، اخبار اور تعلقات کا نجی استعمال کرتے ہیں۔

3۔ میٹھا سچ DSM1040

عجیب دعا ہے جو خاموشی سے سجدے میں مانگنے کی بجائے سرِ عام سوشل میڈیا پر مانگ کر شاید موصوف دیگر پوسٹوں کو دیکھنے لگ گئے ہوں گے۔ کوئی دکھاوا سیکھے تو ہم سے سیکھے۔

4۔ میٹھا سچ DSM1041

افضل

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

بحث چھڑ گئی، کہ عشق ہی سب کچھ ہے. یا اس میں عقل کا بھی کوئی دخل ہے؟ میرا نقطہ نظر تھا کہ عشق بہت

اہم ہے۔ لیکن مقصد میں آگے بڑھنے کیلئے، ساتھ عملیت + عقل کا بھی بڑا دخل اور کردار ہوتا ہے۔ کچھ دوست عشق کو ہی، مقصود زندگی کہہ رہے تھے۔ آپکا خیال؟

ڈاکٹر

اس مسئلے کو تو حضرت علامہ اقبال نے سو برس قبل ہی یہ کہہ کر طے کر دیا تھا کہ:

اچھا ہے دل کے پاس رہے پاسبان عقل۔۔۔

لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے۔۔۔!!

اگر دوستوں کا مطالعہ وسیع ہوتا تو یہ بحث ہی نہ چھڑتی

افضل

جی علامہ صاحب یہاں عقل کو ہی زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور دوسری طرف آتش نمرود میں بھی بے خطر چھلانگ لگوا دیتے ہیں۔

ڈاکٹر

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

سر دنیا متنوع ہے ہمیشہ تو ایک ڈگر پر نہیں چلتی ناں۔

5۔ میٹھا سچ DSM1042

سوشل میڈیا کے مسائل میں سے ایک تو یہ ہے کہ احباب طویل پیغامات خود پڑھتے نہیں لیکن آگے بھیجنا اپنا فریضہ سمجھتے ہیں جو کہ ایک غیر اخلاقی حرکت ہے۔ دوم بھیجنے والے اگر انگریزی جاننے والے ہوں تو تھوڑا وقت دیں اور انگریزی پیغام کی سمری اردو میں لکھ بھیجیں بھی تو کوئی بات بن جائے۔ یہ مفت کا سوشل میڈیا ہمارے ہاتھ میں یوں آ گیا ہے جیسے بندر کے ہاتھ میں ماچس آ جاتی ہے۔ بہر حال میں تو اپنی آپشن استعمال کرتے ہوئے ایسے لوگوں کو انفرینڈ کر دیتا ہوں کیونکہ جن کی بات کوئی گھر میں نہیں سنتا وہ یہاں شیر بنے بیٹھے ہوتے ہیں۔

6۔

میٹھا سچ DSM1043

جیسے ہی مرشد کال دیتا ہے باہر نکلو

پنجاب پولیس سب سے پہلے باہر نکل آتی ہے

شکریہ پنجاب پولیس

7۔ میٹھا سچ DSM1044

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ہم تو نائن الیون والے دن وہیں تھے اور یہی کہتے سب کو سنا کہ یہ امریکہ کا اپنا کام ہے۔ لیکن جونہی یہ باتیں فیس بک پر کہیں تو چار بار ایک ایک ماہ کی پابندیاں بھی سی سہنا پڑیں۔ ابھی آج بھی یہی ہوا ہے کہ مجھے سے یہ پوسٹ زبردست ڈیلیٹ کرا لی گئی ہے جس میں ٹرمپ اقرار کر رہا ہے کہ ٹاور امریکہ نے خود گرائے۔

8۔ میٹھا سچ DSM1045

کسی نے اشارے کنائے میں مشورہ دیا ہے کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ اگلی سردیوں میں، آپکے صرف ہونٹ اور ایڑیاں ہی پھٹیں، تو آٹھ فروری کو اگر الیکشن ہوئے تو اپنے ووٹ کا درست استعمال کر لیجے گا۔ ورنہ جس کو عوام کی منشاء کے برعکس لایا جا رہا ہے اس سے تو عوام کی اصل پھٹنے والی چیز ہی پھٹنے

9. میٹھا سچ DSM1046

اپل

لگتا ہے اس الیکشن کے بعد، پی۔ ٹی۔ ائی۔ کا نعرہ، ایاک نعبد و ایاک نستعین سے تبدیل ہو کر، اناللہ و انا الیہ راجعون ہو جائے گا۔

ڈاکٹر

جی بالکل ہو جائے گا ویسے ہی جیسے یہودیوں کے ہاتھوں مرنے والے فلسطینیوں کے گھروں سے یہ کلمہ روزانہ بلند ہو رہا ہے۔

10۔ میٹھا سچ DSM1047

اپل

لگتا ہے اس الیکشن کے بعد، پی۔ ٹی۔ ائی۔ کا نعرہ، ایاک نعبد و ایاک نستعین سے تبدیل ہو کر، اناللہ و انا الیہ راجعون ہو جائے گا۔

ڈاکٹر

جی بالکل ہو جائے گا ویسے ہی جیسے یہودیوں کے ہاتھوں مرنے والے فلسطینیوں کے گھروں سے یہ کلمہ روزانہ بلند ہو رہا ہے۔

۔میٹھاسچ 1۔DSM1048

فرحت منظور

پانچ ہاتھ پانچ صوبوں کی نشاندہی۔اک صوبہ ختم ہو گیا اب چار کے درپے ہیں۔

ڈاکٹر

مشرقی پاکستان کو توٹوٹنے سے قبل بھی پاکستان کا حصہ سمجھا ہی نہیں جاتا تھا۔ ہمارا ہمیشہ سے پانچواں صوبہ آزاد کشمیر ہے۔

فرحت

سر، سمجھنا نہ سمجھنا الگ بات لیکن اس سے انکار نہیں کر سکتے پاکستان بنانے میں یہ صوبہ پیش پیش تھا، کشمیریوں سے پوچھیں ہم سے کتنے مخلص ہیں، وہاں کا وزیر اعظم الگ کیوں ہوتا ہے کابینہ الگ کیوں بنتی ہے، وہ صوبہ کیسے ہوا، ایسٹ پاکستان سے موازنہ نہیں کر سکتے۔

ڈاکٹر

محترمہ یہ تو بھارت اور پاکستان کا مشترکہ سیاسی ڈرامہ ہے کہ کشمیر کے اپنے اپنے قابض حصے کو اقوام متحدہ میں زندہ رکھنے کے لئے ریاستوں کا درجہ دے رکھا ہے ورنہ بھارت نے تو چند سال سے اسے صوبے کا درجہ دے دیا ہوا ہے۔ امن کی خاطر ہمارے والے کشمیری حصے کو بھی کسی وقت صوبہ

قرار دے دیا جائے گا کیونکہ کشمیر کی الگ ریاستی اہمیت اب کچھ رہ نہیں گئی۔ البتہ دونوں ممالک میں کشمیری انتظامات ہو بہو صوبائی تقسیم والے ہی ہیں۔

ابھی تو میں لکھنا بھول گیا تھا ورنہ پاکستان کا چھٹا صوبہ بلتستان بھی ہے۔

رہا خلوص کا سوال تو اس بنیاد پر تو صوبے نہیں بنتے۔

DSM2۔ میٹھا سچ 1049

شاعر اس لئے اچھا ہوتا کہ ہمیشہ خوش فہمی میں ہی رہتا ہے۔

DSM3۔ میٹھا سچ 1050

ہارون

دوستوں تینوں بڑی جماعتوں (پی پی پی، پی ٹی آئی، ن لیگ) کا طرز حکمرانی آپ دیکھ چکے ہیں ووٹ سوچ سمجھ کر کاسٹ کیجئے گا دوبارہ پانچ سال بعد آپ کو یہ موقع ملے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو آمین۔

ڈاکٹر

پاشا بھائی آپ کی سوچ کا رخ پھر افسانے کی جانب ہے حقیقت پر نہیں، اداکاروں کی جانب ہے ہدایتکار کی طرف نہیں اور علامات کی طرف ہے اصل بیماری کی طرف نہیں۔ برائے مہربانی خود بھی بالغ ہو جائیں اور قوم کو مصنوعی جمہوریت پر نہ اکسائیں۔

DSM4۔ میٹھا سچ 1051

شکیل

76 سال ایک نعرہ۔

ملک آج انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے۔

ڈاکٹر

بحران چیمپئنز کا ناشتہ ہیں۔ Crises are the breakfast of champions.

اگر 1947ء میں پیدا ہونے والا نومولود پہلے دن سے نازک موڑوں سے گزر کر ایٹمی طاقت بن گیا ہے تو مزید چیلنجز کے ملنے پر کیا پریشانی؟ دنیا کا کوئی ایسا ملک بتا دیں جو نازک موڑوں سے نہ گزرا ہو یا گزر رہا ہو؟

تندی باد مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب۔۔۔

یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لئے۔۔۔!!

DSM5۔ میٹھا سچ 1052

حضرت ابراہیمؑ کو جلانے کے لئے نمرود کی جلائی گئی آگ کو بجھانے والی جو ننھی چڑیا چونچ میں پانی کا قطرہ لے کر آئی تھی اس کا جذبہ آج مجھے بھی پولنگ سٹیشن لے آیا۔

عوام کی بیداری کو سلام۔ قیدی نمبر 804 سیاسی، اخلاقی، قانونی اور تکنیکی بنیاد پر جیت گیا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ اگر اس کے برعکس فیصلہ دیتی ہے تو عوام کو ترکی کی طرز کھڑا ہونا ہو گا۔

میاں جو لوٹ مار کر کے لندن میں اکڑا بیٹھا تھا اسے واپس بلا کر عوام نے کیسا جوتا رسید کیا ہے۔ بھئی کمال ہے۔

صبح کے چار بج چکے ہیں اور نون لیگ مسلسل سکتے کی حالت میں ہے۔ نواز شریف پھر ملک سے فرار ہونے کی کوشش میں لگ رہے ہیں۔

عمران کو عوام نے اعتماد کا ووٹ دے دیا ہے کیونکہ عوام کو سمجھ آ گئی ہے شاید کہ ان کا خوں چوس کربیرون ملک جمع کرنے والا پی ڈی ایم کا 14 جماعتی خونی اتحاد تھا۔

دیکھا پھر تیرے انگوٹھے پر لگی سیاہی نے انقلاب برپا کر کے دکھا دیا

اب امید ہے قوم کے مقدروں پر پھری انمٹ سیاہی بھی جلد ہی مٹ جائے گی

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

پھر بھاگ جا ملک سے بھگوڑے

اور ساتھ بیٹی اور ووٹرز بھی لے جا

DSM6۔ میٹھا سچ 1053

تحسین

اگلے اڑتالیس گھنٹوں میں پی ٹی آئی والے اپنے جیتنے والے امیدواران کو گالیاں دے رہے ہوں گے۔

ڈاکٹر

یقیناً یہ خلائی مخلوق کے جھرلو کا کمال ہو گا لیکن اس پری پول اور پوسٹ پول رگنگ والی سازش کو پسند کرنے والوں کو جھوٹے جمہوری ہونے کا طوق گلے میں ہر وقت لٹکا کے پھرنا چاہئے تا کہ ان کی منافقت کا سبھی کو علم ہو سکے۔

DSM7۔ میٹھا سچ 1054

تین ہزار سے 5 ہزار کی لیڈ والوں کو خطرہ ہے، ان پر پکا پنکچر لگ جاتا ہے اور نظر بھی نہیں آتا، بہت صفائی سے لگاتے ہیں۔

خواجہ آصف جیسے جیتے اہل نظر جانتے ہیں۔ خلائی مخلوق ان کو پھر وزیر دفاع دیکھنا چاہے گی کیونکہ انہیں بآسانی بوٹ کے نیچے رکھا جاسکتا ہے۔

DSM8۔ میٹھا سچ 1055

اپل

تبدیلی نام۔

جناب بلاول زرداری صاحب کا خیال تھا کہ مستقبل میں شاید انہیں صرف سندھ ہی سے الیکشن لڑنا ہو گا، اس لئے انہوں نے اپنا نام تبدیل کر کے، بلاول بھٹو زرداری رکھ لیا تھا۔

اگر انہیں ذرا سا بھی اندازہ ہوتا کہ کبھی انہیں، لاہور سے بھی الیکشن لڑنا پڑے گا، تو وہ ایک ہی دفعہ اپنا نام، میاں بلاول بھٹو زرداری القادری رکھ لیتے۔

ڈاکٹر

ہو سکتا ہے کبھی لاہور کی کرسچین کمیونٹی سے بھی لڑنا پڑ جائے اس لئے ساتھ الپادری کا بھی اضافہ کر لیتا بیچارا بلورانی۔

DSM9 میٹھا سچ 1056

نون لیگ حقیقت میں جیت رہی ہے، فیس بک پہ ہار رہی ہے۔(اپل)

جیسے جاوید لطیف کو مہم کے دوران جوتے پڑے کیا وہ بھی فیس بک پر پڑے تھے؟(ڈاکٹر)

DSM10۔ میٹھا سچ 1057

تو کیا آپ کے دادا 25 کروڑ لوگوں پر حاوی تھے؟ یہ اوسط ہے برادر ذرا معلوم کریں کسی بچے سے کہ اوسط کیسے نکالی جاتی ہے۔ نیز اوسط کا مقابلہ اوسط ہی سے ہوتا ہے ایک بندے سے نہیں۔

۔ میٹھا سچ DSM1058۔1

جو گستاخ بادشاہ سلامت کی حکم عدولی کرے واجب القتل ہے۔ لہٰذا چوبیس کروڑ بھیڑ بکریوں کو سزائے موت دی جاتی ہے۔

اس زبان پر فیس بک نے وارننگ دے دی لہٰذا مندرجہ ذیل تبدیلی کرنے کے باوجود پوسٹ کی) (اجازت نہیں ملی

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

جو گستاخ بادشاہ سلامت کی حکم عدولی کرے اس کا جرم نا قابل معافی ہے۔ لہٰذا چوبیس کروڑ بھیڑ بکریوں کو آئندہ چناؤ تک بھوکا پیاسا رکھا جائے۔

DSM2۔ میٹھا سچ 1059

اس چناؤ میں عوام کے 55 ارب روپے خرچ کر کے محض ڈسٹ بن خریدے گئے ہیں۔

DSM3۔ میٹھا سچ 1060

اس ملک کے ساتھ جو زیادتی کرے گا دنیا بھر میں عزت نہ بچا پائے گا۔ یہ میرا یقین ہے۔ اجالا ذرا عالمی میڈیا کو تو دیکھو کیسی نواز شریف کی کتیا کتی ہو رہی ہے۔ آپ بھی ذرا کینیڈا کے لوکل میڈیا کا بتاؤ کہ کیا کہہ رہے ہیں؟

تبدیلی شدہ:

دھرتی ماں کی دولت لوٹ کر بھی چین نہیں آیا تو اپنے منہ پر مزید کالک ملنے نواز شریف لندن سے لاہور آ گیا۔ اب عالمی میڈیا میں بھی گو المنڈیلے کی کتیو کتی ہو رہی ہے۔

DSM4 میٹھا سچ 1061

برائے انجینئر سلیمان

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اگر ہم کہیں کہ نواز شریف وزیر اعظم نہیں بن سکیں گے اس چناؤ کے تناظر میں تو پھر آپ مان جائیں گے کہ وسیع پیمانے پر دھاندلی ہوئی ہے۔

DSM5۔ میٹھا سچ 1062

بلال ملک

اور ترک قوم میں سب سے پہلے آپ باہر نکلیں تو چار چاند لگ جائیں۔

ڈاکٹر

کیوں صرف میں ہی مجاہد ہوں اور باقی سب بھڑوے؟

DSM6 میٹھا سچ 1063

پاکستان میں چلنے والی عسکری جمہوریت کے بارہ کے بارہ چناؤ میں دھاندلی ہوئی لیکن اس دفعہ سوشل میڈیا کی بدولت آشکار ہو گئی اسی لئے ہمیں 2024ء کا چناؤ دھاندلی نہیں دھاندلہ لگ رہا ہے۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM7 میٹھا سچ 1064

برائے اپل

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

استغفار۔ یہ تو محض آپ نے بغض نکالا ہے۔ ہم سنتے آئے تھے کہ انسان کبھی نہ کبھی تو ہدایت پا ہی جاتا ہے کیونکہ وقت پیری گرگ ظالم می شود پرہیز گار لیکن یہ بھی سنا ہے کہ

Fool at forty is a fool forever.

دیگرے کوشش کریں کہ مکھی بن کر دوسروں کی گندگی پر ہی نہ بیٹھے رہیں ہمیشہ ۔

میاں عمران

بھائی یہ آپ کے نزدیک ہدایت کیا ہے جو آپکی نہ مانیں وہ بے ہدایت، جو آپ کی رائے سے اختلاف کرے وہ بے ہدایت، جو آپ کے چنے ہوئے رستے پہ نہ چلے وہ بے ہدایت ہے۔

ڈاکٹر

میاں عمران بھائی ذرا بڑے تو ہو لیں اگر ہدایت پا گئے تو آپ کا ضمیر خود بولے گا۔

میاں عمران اچھا استاد جی جان چھڈو۔

مجھے سبق پڑھانے سے قبل ضمیر کی تعریف بھی دیکھ لیتے تو بہتر ہوتا۔ جس نے گندے ماحول میں زندگی کے پہلے بارہ سال گزار دیئے اس کا ضمیر بھی ویسا ہی پرورش پا جاتا ہے۔ پھر اس کی آنکھوں پر ایسی کالی پٹی چپکتی ہے کہ مرتے دم تک اسے ہدایت نہیں ملتی اور برائیوں پر پھر اس کا ضمیر بھی ملامت کرنے کے قابل نہیں رہتا۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اور یہ اس بات سے بھی ثابت ہے کہ جس نے کسی کرپٹ سیاستدان کی پوجا میں بچپن اور نو عمری گزار دی اس کے اندر بھی لالچ اور ملک لوٹنے کی خواہش پرورش پاتی رہتی ہے برادر۔ کیونکہ جیسا رہنماء چنا جائے گا ویسا ہی مرید کا اپنا کردار بن جائے گا۔

کیا بہتر نہیں کہ ہم بحث میں نہ الجھیں کیونکہ ہم دونوں ایک دوسرے کو نہیں جانتے کہیں بعد میں دونوں پچھتاتے نہ رہیں۔ اپل میرے گزشتہ 55 برس سے میرے بھائی نما دوست ہیں۔ آپ یہ حقیقت جانے بنا بیچ میں ٹپک پڑے اور میرا ہزاروں کا قیمتی وقت ضائع کر دیا۔

لیکن پھر بھی آپ سے دست بستہ گزارش ہے کہ اپنے علم کو مجھ سے الگ رکھیں۔ عقلمند کے لئے شاید اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔ نیز بہادر لوگ پروفائل لاک نہیں کرتے ورنہ دال میں کافی کچھ کالے کا گمان ہونے لگ جاتا ہے۔ شکریہ

DSM8۔ میٹھا سچ 1065

میاں

اب ایک طرف اکثریت ہے تو دوسری طرف عسکریت ہے اور درمیان میں عدالت لنگوٹ بچا رہی ہے۔

ڈاکٹر

پہلی دونوں باتیں درست ہیں لیکن عدالت تو الف ننگی ہے اس نے تو اپنا لنگوٹ کب کا اتار پھینکا ہوا ہے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 1066

میاں

دوبارہ لندن جانا چاہتا ہوں، میری معصومیت دیکھ میں کیا چاہتا ہوں۔

ڈاکٹر

تو علی بابا اتنی دور محض جوتے کھانے آیا تھا؟ اگر یہی کھانے تھے تو ہمیں بتاتا ہم اسے ایون فیلڈ میں جا کر مار آتے اس نے خوامخواہ زندگی داؤ پر لگائی۔

DSM10۔ میٹھا سچ 1067

کیا ہماری عوام بھی مقبوضہ ہے جس پر بادشاہ سلامت کا حکم چلتا ہے یا ہمارے ہاں بھی پچھلی صدی کی مانند نو آبادیاتی نظام والا کوئی وائسرائے مسلط ہے جو گورے آقا کی تابعداری میں اپنے بچوں جیسی عوام کے انسانی حقوق بھی سلب کرنے کو تیار رہتا ہے۔ بہر حال عمران کی آواز عوام کی خواہش ہے اور بوٹ چاٹ نواز شریف کی آواز عوامی حقوق کا قتل کر کے اپنی جیبیں بھرنے کی خواہش ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

1۔DSM1068۔میٹھا سچ

برائے اپل

یہ تو اپنے اپنے ضمیر کی تربیت پر منحصر ہے۔ ہم نے تو آپ کو ہمیشہ صاف ستھرا سمجھا اور پایا بھی۔ یہ واحد پٹواری مارکہ داغ ہے جسے جان کر یقین کریں مجھے واقعی دھچکا لگا کہ میرا پچاس سالہ ساتھی پٹواری سوچ کا کیسے ہو سکتا ہے؟ یقین کریں پھر بھی میں نے آپ کی محبت میں ہمیشہ قصوروار عمران ہی کو سمجھا۔ لیکن ہاں اگر کہیں عمران نے کوئی ذاتی حرکت کر دی ہو آپ سے تو ہمارے بھائی مجھے ضرور بتایئے گا، ہم اسی دن سے آپ کی محبت میں عمران کو پرے کر دینگے۔

بد قسمتی سے پاکستان کی گندی سیاست بھائی بھائی کو جدا کر رہی ہے اور اس کا گناہ کسی سیاستدان کے سر نہیں بلکہ ہماری ہی بعضانہ طبیعت کو جاتا ہے

DSM2۔میٹھا سچ 1069

زری

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

کیا پھر چار حلقے کھولنے سے کہانی شروع ہو گی؟؟

یا پینتیس پنکچر والا بیانیہ چلے گا؟

یا

مجھے کیوں نکالا والی بات ہو گی؟

یا

یا ایمپائر انگلی اٹھائے گا؟

ووٹ کو عزت والی فلم چلے گی جی ٹی روڈ پہ؟

یا سب پرانی تنخواہ پہ بوٹ پالش کریں گے؟

ڈاکٹر

سبھی آخری آپشن اختیار کریں گے اور ساتھ ہی اوپر والے بیانیوں جیسا ایک نیا بیانیہ بھی سامنے آئے جو بوٹ میں سے ہی بر آمد ہو گا۔

DSM3۔ میٹھا سچ 1070

ویسے ہے تو یہ افسوس کی بات کہ بارہویں چناؤ میں بھی جماعت پھر بارہویں دفعہ ہار گئی ہے۔ اس پر تاسف موقعہ پر مجھے جماعت ہی کے چند اکابرین کا پٹھان کوٹ والے 1958ء کے اجتماع جماعت اسلامی کی روداد پر مشتمل اقتباسات کا حوالہ یاد آرہا ہے جس میں جماعت کے بڑے بڑے جید علماء نے مولانا مودودی کے سیاست میں حصہ لینے والے موقف پر احتجاجاً جماعت اسلامی چھوڑ دی تھی۔ ان چیدہ چیدہ علماء کرام میں شاید ڈاکٹر اسرار احمد، مولانا امین احسن اصلاحی، مولانا عبد الرحیم اشرف وغیرہ کے نام شامل تھے۔ ان اختلافی علماء کا موقف آج درست ہوتا نظر آرہا ہے لہٰذا میری رائے میں اب بھی وقت ہے کہ جماعت اسلامی سیاست چھوڑ دے اور صرف دینی اور سماجی سطح پر عوام کی خدمت جاری رکھے۔ اس سلسلے میں پاکستانی قوم کا مزاج دیکھتے ہوئے کئی برس قبل ڈاکٹر طاہر القادری نے بروقت دانشمندی والا فیصلہ کر لیا تھا۔

شہریار بیگ

یہ گفتگو عوام میں کرنے کی نہیں۔

جن علماء ذمہ داران نے اختلاف کیا وہ وقت اور تھا اسکے تقاضے اور تھے۔ کوشش کیجیے کہ ایسی دقیق نکات اور گفتگو عوام میں نہ کیجیے

نہ عوام کی سمجھ میں آئیں گی۔ الٹا فساد اور غلط تاثر کا باعث بنیں گی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

جس حد تک جماعت اسلامی کو موقع ملا انھوں نے حاصل اختیارات میں جو کچھ کیا دشمن تک اسکے معترف ہیں کے پی کے اور کراچی میں حکومت میں جزوی حصہ ملنے پر بھی شاندار کارکردگی دکھائی ہے الحمد اللہ۔

سیاست اور دستوری یا تنظیمی معاملات کے متعلق گفتگو اندرونی حلقوں میں سود مند ہے جہاں فائدہ ہو۔

ڈاکٹر

محترم دل سے معذرت خواہ ہوں کہ سر عام یہ بات کر بیٹھا۔ اپنے کمنٹ ڈیلیٹ کر رہا ہوں۔

DSM4 میٹھا سچ 1071

ابو جہل تھا تو عالم ہی لیکن نخوت اور قبائلی انا کا مارا ہوا تھا۔

DSM5۔ میٹھا سچ 1072

برائے شفق نذیر

آصف زرداری۔۔۔ اک قومی بیماری۔۔۔ پیسے کا پجاری۔۔۔ بے عزت بیوپاری۔۔۔ پکا مداری۔۔۔ غیرت سے عاری۔۔۔ فوج کا حواری۔۔۔ سیاسی جواری۔۔۔ نری خواری ۔۔۔ آگے مرضی تمہاری۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اپل

واہ جی واہ۔۔

ڈاکٹر سلطان صاحب تو شاعر بھی ہو گئے ہیں۔

شاعر شمال۔۔۔۔زندہ باد۔

ڈاکٹر

یعنی ابھرتا ہوا شاعر۔شکر ہے لٹیا ڈبونے کے لئے شاعر جنوب نہیں کہہ دیا۔

DSM6میٹھا سچ 1073

طاہرہ حمید

جی ہاں اب یہی راگ الاپے جائیں گے دھاندلی ہوئی دھاندلی ہوئی۔

ڈاکٹر

تو کیا نہیں ہوئی؟

شیز اخان

Everyone knows about rigging in election. It's a slap on us. It's a slap on democracy. It's a slap on general elections... It's a slap on public mandate....

الیکشن میں دھاندلی کا سب کو علم ہے۔ یہ ہم پر ایک طمانچہ ہے۔ یہ جمہوریت پر طمانچہ ہے۔ یہ عام انتخابات پر ایک طمانچہ ہے، یہ عوامی مینڈیٹ پر ایک طمانچہ ہے۔

طاہرہ حمید

Elections are held like this since 1981 till now.

DSM

Tahira Hameed, Even since 1970 when held transparently but post-election manoeuvering was a misfortune. Likewise, all 12 elections were held in a non-democratic way and all the times only the establishment won and politicians trolled. Why we spend billions of rupees? Just only to use ballot box as dustbin?

1981 سے اب تک الیکشن اسی طرح ہوتے ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ڈاکٹر سلطان محمود

طاہرہ حمید، یہاں تک کہ 1970 سے جب شفاف انتخابات ہوئے لیکن انتخابات کے بعد کی چالبازی ایک بد قسمتی تھی۔ اسی طرح تمام 12 انتخابات غیر جمہوری طریقے سے ہوئے اور تمام بار صرف اسٹیبلشمنٹ جیتی اور سیاستدانوں کو ٹرول کیا گیا۔ ہم اربوں روپے کیوں خرچ کرتے ہیں؟ کیا صرف بیلٹ باکس کو کوڑے دان کے طور پر استعمال کرنا ہے؟

DSM7 میٹھا سچ 1074

عائشہ مسعود

نواز شریف نے وکٹری سپیچ

جلدی میں نہیں کر دی؟

ڈاکٹر

یہ تقریر بھی انشاءاللہ اسے مٹھائی کی طرح اگلنی پڑے گی۔ شنید ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اس انا ء کے مارے ضدی شخص کو وزارت عظمیٰ نہیں دے رہی۔

DSM8۔ میٹھا سچ 1075

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

شکیل

الیکشن2024

جس طرح لوگوں نے ملا کو سائیڈ لائن کیا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ مذہب کو اپنا ذاتی معاملہ بنا کر ایک مکمل سیکولر ریاست چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر

درست محسوس کیا ہے آپ نے۔ درحقیقت پاکستان کو مصنوعی طور پر مذہبی ریاست کا نام دیا گیا تھا ورنہ تو ہم روز اول ہی سے سیکولر یعنی مذہب کو ذاتی مسئلہ سمجھنے والے لوگ تھے۔

DSM9۔ میٹھا سچ1076

فلک نے ایسی ووٹ کی طاقت بھی دیکھ رکھی ہے کہ 1977 میں دھاندلی کرنیوالا قیدی این آر او اومانگتا رہا مگر2024 میں دھاندلی کرنے والے الٹا قیدی سے این آر مانگ رہے ہیں۔

DSM10۔ میٹھا سچ1077

کیا عزت اور ذلت بارے قرآن کی آیت پھر سے درست ثابت نہیں ہو گئی کہ طاقت سے ساز باز کر کے پورے اسباب والا گوالمنڈیلہ ایک نہتے قیدی سے ہار گیا ہے۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

DSM1 🥺 ۔میٹھا سچ 1078

کبھی پچھلے دن کے مسائل اگلے دن میں نہ لے جائیں۔ ہر نیا دن مثبت سوچ سے شروع کریں۔

اس مشورے کا پہلا حصہ نا قابل عمل اور نا ممکن ہے ہاں مثبت سوچ رکھیں تو ہر نیا دن آسان ہوتا چلا جائے گا حالانکہ مسلسل مثبت سوچ رکھنا بھی شاید عام انسان کی بساط سے باہر ہے ماسوائے نبیوں کے۔ خوش رہیں۔

2 🙏 DSM 🥺 repeated1079 ۔میٹھا سچ

ہر اک تصویر میں کھلتا ہوا چہرہ نظر آئے

یہ کار فن ہے جو سب کے لئے ممکن نہیں ہوتا

شاعر: میاں وقار الاسلام

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

کیا یہ شعر تھا ہے یا کوئی نثری نمونہ تھا؟ اگر شعر ہے تو پھر غور کر لیں تکنیکی طور پر یہ شعر کی تعریف پر پورا نہیں اتر رہا۔ کیا یہ آپ کا ذاتی فیصلہ ہے کہ یہ شعر ہے یا کسی استاد نے بھی ایسا کہا ہے؟ کسی سے اصلاح بھی لی تھی؟

جی دو استادوں نے دیکھا ہے۔

وہ دونوں کس اتھارٹی سے استاد کہلاتے ہیں؟

ڈاکٹر شہناز اور اعتبار ساجد نے دیکھا ہوا ہے۔

یہ دونوں اچھے شعراء ہیں مگر استاد نہیں۔

معاف کیجئے گا میرے استاد کاشف بٹ صاحب نے اسے شعر ماننے سے انکار کر دیا ہے۔ کیونکہ اس میں عروض، وزن، پیغام اور بلاغت چاروں چیزیں مفقود ہیں۔

خیر جانے دیں کون سا اس پر انعامی مقابلہ ہونا ہے؟

پھوکے شاعر ایسے شعر کہہ کر اصلی شاعری کا بیڑہ غرق کر دیتے ہیں جیسے:

چھنے وچ رچھ پھسیا۔۔۔

ہولی ہولی ٹر گڈیئے۔۔۔

کی ہویا سیکل نوں؟ 😂

3 🙏 DSM 🥺 ۔میٹھا سچ 1080

اپنے مختلف کارٹونز پر تبصرے:

ڈاکٹر سلطان محمود موجودہ الیکشن ہار گئے ہیں لہٰذا جلد ملک چھوڑ کر کسی انصاف پسند معاشرے میں بس جائیں گے۔

ڈاکٹر سلطان محمود اس بات پہ ناراض ہیں کہ انہیں ترک ڈرامے سلطان عبدالحمید میں کیوں کاسٹ نہیں کیا گیا۔

4. 🙏 DSM 🥺 میٹھا سچ 1081 😜

اپل

سب دانا پانی کی بات ہے جناب۔

جس جگہ کا رزق قسمت میں لکھا ہے۔ قسمت اٹھا کر ہمیں وہاں لے جاتی ہے۔

کیا واقعی انسان محض دانے پانی ہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے؟ اگر ہاں تو پھر انسان اور حیوان کے مابین فرق کیا رہا؟ آپ سکالر ہو کر بھی سنے سنائے اعتقادات پر یقین رکھتے ہیں کیا؟

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

5 🙏 DSM 🥺 ۔میٹھا سچ 1082

یوم حیا صرف پاکستان میں اور وہ بھی صرف جماعت اسلامی مناتی ہے باقی دنیا وقت کی لہر کے ساتھ چلتی ہے۔

6 🙏 DSM 🥺 ۔میٹھا سچ 1083

وہ الیکشن کمیشن جو عوام کو تو اکڑ دکھاتا ہے لیکن بوٹ چاٹنے تھوڑی تھوڑی دیر بعد خفیہ مقام پر چلا جاتا ہے۔ 😀

7 🙏 DSM 🥺 ۔میٹھا سچ 1084

آپ کا اصلی ووٹ تو گم ہو چکا ہے البتہ ریٹرننگ افسر آپ کو آٹھ دس مزید بنا کر دے سکتا ہے۔ 😜

8 🙏 DSM 🥺 ۔میٹھا سچ 1085

باجوہ صاحب آپ شاید مرغیوں کے ساتھ ویلنٹائن ڈے منا رہے ہیں۔ 😜

9 🙏 DSM 🥺 ۔میٹھا سچ 1086

برائے سیمار ضوی

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

نیٹ کونٹ اور بے ایمانی کو بے معنی لکھنے والی معصومیت بالکل معاف ہے۔ آپ اردو ٹائپنگ کی کوشش جاری رکھیں۔

10. 🙏 DSM 🧐 میٹھا سچ 1087 😜

عزت کی 21 سیٹیں۔ ذلت کی 73 سیٹوں سے ہزار گنا بہتر ہیں۔

شاہد خاقان عباسی 🔥

ڈاکٹر

آپ کا کیا خیال ہے کہ پٹواری عزت کے معنی جانتے ہیں؟ ایک پرانا لطیفہ سنئے تاکہ ان کی ذہانت کی داد دی جاسکے:

ٹرین میں دو سردار بلا ٹکٹ پکڑے گئے تو چیکر ایک کو لے کر واش روم میں گھس گیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ نکلا تو دوسرا پوچھتا ہے کہ کیا ہوا۔ وہ پشت سہلاتے ہوئے جواباً کہتا ہے کہ شکر ہی بھگوان نے یہ دے رکھی تھی ورنہ آج تو عزت گئی تھی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

1۔DSM۔ میٹھا سچ 1088

ڈکار کا سب سے بہترین طریقہ تہذیب یافتہ اہل مغرب کے پاس ہے آواز بھی نہیں آتی مگر سوری بھی بولتے ہیں۔ ہمارے ہاں باآواز بلند ڈکار نشر کرنے کے بعد آہستہ سے شکر الحمد اللہ کہتے ہیں۔

DSM2۔ میٹھا سچ 1089

برائے ایاز بٹ

اگر جھوٹے پر لعنت بھیجی تو پھر ساری نون لیگ ہی فارغ حالانکہ اس میں دو تین ایسے بھی لوگ ہیں جن پر لعنت نہیں بھیجنی چاہئے کبھی۔

DSM3۔ میٹھا سچ 1090

قیوم نظامی

کیا دھاندلی کے نام پر 1977 جیسی تحریک چلائی جا سکتی ہے؟

ڈاکٹر

نظامی صاحب اس وقت تحریک قطعاً نہیں چلائی جاسکتی کیونکہ آپ بھی جانتے ہیں کہ 1977ء والی تحریک کی پشت پناہی امریکہ نے کی تھی بھٹو کو ہٹانے کے لئے تاکہ ان کا ایجنٹ ضیاء برسر اقتدار آکر بحیثیتِ وائسرائے ون مین شو کے ذریعے سوویت یونین توڑے۔ موجودہ حالات چونکہ پاکستان میں امریکی مفادات ہی کے تحت پیدا کئے گئے ہیں اس لئے امریکہ کو ضرورت ہی نہیں تو تحریک کی گاڑی میں وہ پٹرول کیوں ڈالے گا؟ اور اگر پٹرول یعنی ڈالر نہ پھینکا گیا تو فوجی جنتا نیز سیاسی و مذہبی جماعتیں بھلا کیوں عوام کو متحد کر کے تحریک کے رستے پر چلائیں گی؟

لگتا ہے حسب سابق آپ اگلا کالم لکھنے کے لئے فیڈ بیک کے ذریعے مواد اکٹھا کرنا چاہ رہے ہیں۔

اس پر نظامی صاحب نے خوب پذیرائی کی۔

DSM4۔ میٹھا سچ 1091

شہباز شریف نے دس لاکھ نوکریوں کا اعلان کیا ہے۔۔

ہر سگنل پہ 5 بھکاری تعینات کیے جائیں گے۔

DSM5۔ میٹھا سچ 1092

موجودہ ڈنگ ٹپاؤ وزیر اعظم کے لئے طنزیہ ٹپا۔

ہور سنا سلیمہ تو کتھاں کتھاں گئی ایں

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

در بندہ توں گئی ایں او تھاں جیباں گن دی رئی ایں

واہ واہ میری نیراں نکل گئی آں

ہور سنا سلیمہ توں کتھاں کتھاں گئی ایں

درزیاں دے گھر گئی ایں راتی لیراں گنڈ دی رئی ایں

واہ واہ میری نیراں نکل گئی آں

DSM6۔ میٹھا سچ 1093

بیچارے پٹواری الیکشن سے پہلے فوج کی طرف دیکھ رہے تھے اور اب زرداری کی طرف دیکھ رہے ہیں۔

اور نعرہ انکا تھا:

میاں جدوں آوے گا لگ پتہ جاوے گا""

DSM7۔ میٹھا سچ 1094

پی ٹی آئی کو غرور ہے کہ "بلے" کے

بغیر جیت گئے ہیں

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

مگر میاں صاحب نے ووٹ

کے بغیر جیت کر دکھا دیا

DSM8۔ میٹھا سچ 1095

بلے سے ہارتے تو عزت رہ جاتی، بینگن، گاجر، مولی اور کھیرے سے ہار گئے کمال ہے۔

DSM9۔ میٹھا سچ 1096

کوئی بڑا ہی کھوتا دماغ افسر تھا جس نے موجودہ رگنگ کی کہانی تیار کی لہٰذا میرا یہ شک درست نکل رہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کی بھی چیں بول گئی ہوئی ہے اور دانے مک گئے ہیں۔ اگر یہی رگنگ کا کام چپکے سے مجھے کہہ دیا گیا ہوتا تو اپنی دماغی شیطانیت پر کامل بھروسے کے ساتھ مجھے یقین ہے کہ پاکستان میں ہونے والی بدترین دھاندلی پر عالمی میڈیا کو ایسی ہیڈ لائنز کبھی بھی نہ سوجھتیں اور پاکستان عالمی سطح پر جس طرح کا کالا منہ لئے کھڑا تھا مزید کالا نہ ہوتا۔

ڈاکٹر سلطان محمود

DSM10۔ میٹھا سچ 1097

ملک میں ویسے تو سبھی چناؤ جعل سازی سے ہوئے لیکن موجودہ اس لئے یادگار رہیں گے کہ اس میں اسٹیبلشمنٹ کی ملک اور عوام سے دشمنی کھل کر آشکار ہو گئی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

۔۔میٹھا سچ 1

پہلے تو "کچا چٹھہ "کھلا کرتا تھا لیکن کل تو "پکا چٹھہ "ہی کُھل گیا اور ساتھ ہی نواں کٹا بھی کھل گیا ہے۔ بشکریہ: فریحہ بی بی۔

۔۔میٹھا سچ 2

الیکشنز کا نقاب پہنے پاکستان کی حالیہ "سلیکشنز" پر امریکی حکومت کا تبصرہ سنیں جس میں مزے کی بات یہ ہے کہ امریکن ڈپلومیٹ بھارتی نژاد افسر ہے جو اپنی جانب سے انتہائی محتاط اور نپا تلا جواب دے رہا ہے۔

۔میٹھا سچ 3

صبور گل

"آپ جن کی پتنی ہیں، وہ ہمارے بھی پتی ہیں۔"

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

ایسے فقرے افسانوں، فلموں میں تو اچھے لگتے ہیں، لیکن دوسری شادی عورت کا نفسیاتی قتل ہے ،اس کی ہستی کو فنا کر دینے والا عمل، جس کے اثرات بہت دور تک جاتے ہیں۔

ڈاکٹر

کیا واقعی؟ ہمارے ہندوانہ کلچر کی وجہ سے ایسی سوچ پروان چڑھی ہے ورنہ دوسری تیسری شادی کی مخالفت ایک خالصتاً غیر فطری سوچ ہے۔

۔ میٹھا سچ 4

آئن سٹائن: چارلی تم عظیم فن کے مالک ہو۔ تم بولتے بھی نہیں لیکن دنیا تمہیں سمجھ جاتی ہے۔

چارلی چپلن: تمہارا فن میرے فن سے بھی بہت بڑا ہے۔ تمہاری سب تعریف کرتے ہیں حالانکہ کوئی تمہیں سمجھتا بھی نہیں۔

گوالمنڈیلہ: تم دونوں سے میرا فن بہت اعلیٰ ہے۔ میں نے دنیا کی پانچویں بڑے ملک کو آدھ موا کر کے چناؤ جیت لیا ہے حالانکہ مجھے کسی نے ووٹ بھی نہیں دی۔

۔ میٹھا سچ 5

اگر سگریٹ کی تباہ کاریوں کی تصدیق کے باوجود ڈبیہ پر خلاف صحت والی وارننگ چھاپی جاتی ہے تو فاسٹ فوڈز پوائنٹس پر بھی یہ نوٹس چسپاں ہونا چاہئے کہ اپنے اکاؤنٹ میں مناسب رقم رکھیں کسی وقت بھی ہسپتال کا خرچہ کرنا پڑ سکتا ہے۔

۔میٹھا سچ 6

ثوبیہ

دن میں چائے کے چار مگ زیادہ ہیں کیا؟؟

میرے گھر والے میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ چائے کم کرو، چائے کم کرو۔۔۔

ڈاکٹر

میں بھی ہر دو گھنٹے بعد چائے پیتا ہوں اور جب پی پی کے تھک جاؤں تو تھکاوٹ دور کرنے کے لئے ایک کپ اور لے لیتا ہوں۔ نیز پچاس سال سے چائے پی رہا ہوں لیکن آج تک عادت نہیں پڑی۔

۔۔میٹھا سچ 7

اگر حکومت نہیں بن رہی تو میرا ووٹ واپس کر دیں۔ پہلے ہی میرے ڈیم والے دس روپے پھنسے ہوئے ہیں۔ زارا

۔میٹھا سچ 8

پیارے ملک پاکستان کا حال یہ ہے۔پہلے الیکٹڈ آتے تھے۔پھر سلیکٹڈ تو اب ریجیکٹڈ آ گئے ہیں ۔(مونا)

۔میٹھا سچ 9

الیکشن چوری سے عوام کی توجہ ہٹانے کے لئے اسٹیبلشمنٹ کا پرانا ہتھکنڈا اپنے ٹاؤٹ چیف جسٹس کے ذریعے ایک دفعہ پھر کام کر رہا ہے۔اس بار عوام کے خون سے ہولی کھیلنے والا کوئی ڈرامہ رچانے کی بجائے پاکستان سے دین مٹانے والا جذباتی کھیل شروع کیا گیا ہے۔

۔میٹھا سچ 10

مشرق میں جوانی برباد اور مغرب میں بڑھاپا اذیت ناک۔

۔میٹھا سچ 1

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

کپورے کھانے پر کوئی اعتراض نہیں لیکن اٹھانے پر پابندی ہے لیکن وہ لوگ بڑے اذیت ناک ہوتے ہیں جو اٹھا کر سیدھا منہ میں ڈال لیتے ہیں یا کندھے پر رکھ لیتے ہیں۔

۔۔میٹھا سچ 2

دنیا میں ہٹلر سب سے زیادہ یہودی اور ضیاء الحق سب سے زیادہ فلسطینی مارنے کا ریکارڈ رکھتے ہیں۔

۔میٹھا سچ 3

جب سے رٹے، بوٹی، سفارش اور نقلوں کے مانے بغیر میٹرک میں 732/900 نمبر لئے ہیں مسلسل نشے میں ڈوبا ہوا ہوں۔

۔۔میٹھا سچ 4

"خطائے بزرگاں گرفتن خطا است" والا محاورہ بزرگوں کا بنایا ہوا ہے تاکہ ان کی حماقتوں پر پردہ پڑا رہے۔

۔میٹھا سچ 5

سینے کے ابھار والی دعوت نظارہ دے کر آپ دیکھنے والوں کو کوس رہی ہیں کہ دیکھ کیوں رہے ہیں؟ معذرت کے ساتھ یہ بھی اپنی جگہ دعوت شہوت ہی ہے۔

۔۔میٹھا سچ 6

افضل ملک صاحب کو حب الوطنی نے بھولپن پر مجبور کر رکھا ہے ورنہ اتنے بھی بھولے نہیں۔

۔میٹھا سچ 7

ماشاءاللہ پوسٹ کے ساتھ تصویر نہ لگانے والا آپ کا اچھا مشورہ ہے لیکن ہم جیسوں کے لئے۔ خواتین کو یہ مشورہ سوٹ نہیں کرتا کیونکہ تحریر میں جان نہ بھی ہو تو تصویر دیکھ کر تو دو چار سو دل پھینک لائیک لڑھکا ہی دیتے ہیں۔

۔میٹھا سچ 8

گھریلو غذا اور فاسٹ فوڈ میں یہ فرق ہے کہ پہلی والی سے انسان ساٹھ ستر سال بعد مرتا ہے لیکن دوسری سے کافی فاسٹ سپیڈ سے مر جاتا ہے۔

۔میٹھا سچ 9

وہ کون لوگ ہیں جو وزیرستان کا تانبہ، ریکوڈک کا سونا، سوات کا ہیرا اور چاغی کا ماربل باہر بھیج کر مال بنا رہے ہیں؟

۔میٹھا سچ 10

ہمارے سیاستدان خدمت کے اس قدر عظیم جذبے سے سرشار رہتے ہیں کہ ہر قیمت پر قرضوں میں ڈوبے، غربت میں دھنسے نیم تعلیم یافتہ اور خالی خزانے والے ملک کے مسند اقتدار پر بیٹھنے پر نجانے کیوں ہر وقت لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں؟

۔میٹھا سچ۔1

عرب ممالک میں زبان عربی ہونے کے باعث جوتے کے ڈبے پر بھی عربی لکھی ہوتی ہے، کچرے دان پر بھی اور حد تو یہ ہے کہ عورتوں کے تھرکتے ننگے اجسام پر اناونسمنٹ کرتے وقت بھی عربی بولی جارہی ہوتی ہے۔

۔میٹھا سچ 2

تو پھر اپل صاحب آپ بہترین ویٹرنری ڈاکٹر ہونے کے ناطے پی ٹی آئی میں شامل ہو کر نون لیگ کی بیماریوں کی نشان دہی کر کے وطن کی بہترین خدمت کر سکتے ہیں۔

۔میٹھا سچ 3

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

شریفوں کا اگلا کدو شہرت حاصل کرنے کی کوشش میں تلاوت کرتے ہوئے۔ نواز کا پوتا حافظ قرآن ہے، لیکن فیملی نے اس کا کبھی تذکرہ بھی نہیں کیا۔ کیونکہ جب اس کے ذریعے وطن کی دولت لوٹنی ہو گی تو پھر سر عام بتاتے پھریں گے۔

۔ میٹھا سچ 4

باہر جو میں نکلوں تو برہنہ نظر آؤں۔۔۔

بیٹھا ہوں میں گھر میں درودیوار پہن کر۔۔۔۔

کرونی لطیف

بہت خوب۔ اچھا چناؤ ہے۔ ویسے آپ ساری دنیا میں اب آوارہ گردی کرتے پھرتے ہیں۔

ڈاکٹر

اس لئے کہ میں برہنہ نہیں ہوں۔ نیز کنوئیں کے مینڈک دنیا میں کرنے کیا آئے تھے؟ بھائی جی ہم نے جہاں دنیا کو وقت دیا وہیں اپنی ذات کو بھی اب وقت دے رہے ہیں۔

۔ میٹھا سچ 5

کولڈ ڈرنکس اس لئے زیادہ عام ہیں کیونکہ انہیں عام لوگ ہی زیادہ استعمال کرتے ہیں۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

۔ میٹھا سچ 6

محترمہ ہمارے آفاقی تجربے کا فائدہ ہی یہ ہے کہ ہم ایک لمحے میں جن حقائق کی تہہ میں پہنچتے ہیں بہت کم وہاں سو سو بار بھی سوچ کر نہیں پہنچ پاتے۔

نیز آپ نے خود حقیقی رائے طلب کی تھی تو جب مہیا کر دی تو ناراضگی کیسی؟ ناراضگی انائیت کی علامت ہوتی ہے جو کسی بھی شخص کے کردار کی معراج کی دشمن ہوتی ہے۔

عرصے سے ملاقات نہ ہونے کا مفادات حاصل کرنے یا نہ کرنے سے کیا تعلق؟ یک طرفہ تعریف ہی سے تو مارکیٹنگ کی ابتدا ہوتی ہے۔ قیمتیں تو کہیں بعد میں لگتی ہیں۔ پھر معذرت کیونکہ خواتین نازک اندام اپنے مزاج اور خوف کی وجہ سے کہلاتی ہیں۔

اب آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا لہٰذا یہ کالم سنبھال کر رکھئے۔

۔ میٹھا سچ 7

عمران خان حکومت میں نہ آئیں کیونکہ ان کے پاس بھی بجلی کے بل اور دواؤں کی بڑھتی قیمتوں سے جان چھڑانے کا کوئی یقینی فارمولا نہیں ہو گا۔

۔ میٹھا سچ 8

شکیل

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

یہ ڈیڈ لائن طے کرنے کا وقت ہے، یا تو ہمیں 5 سال کے اندر اسلامی ریاست بننا ہے یا ماضی قریب میں دیگر ترقی یافتہ ممالک کی طرح خود کو ایک سیکولر ریاست قرار دینا ہے، اب مزید ابہام اور دوہرا معیار نہیں چلے گا۔

ڈاکٹر

بے فکر رہیں ہم دونوں نہیں بن سکتے۔ اصل اسلام عوام اور مقتدرہ دونوں کو گوارا نہیں اور سیکولر بن کر ملک کو معیشت سے جوڑنا ہمیں آتا نہیں۔

۔ میٹھا سچ 9

میرے خیال میں کسی انسان کے بوڑھا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ اس کے دل و دماغ تسلیم کر لیں کہ وہ بوڑھا ہو چکا ہے۔

۔ میٹھا سچ 10

انجینئر سلیمان

طاہر القادری وہ بندہ ہے جو رسول اللہؐ کے نام پر جھوٹ بولتا تھا۔ اس کی بات سننا بھی گوارا نہیں۔

ڈاکٹر

لیکن ان کا یہ نفس والا تجزیہ بالکل درست ہے۔ حضورِ اکرم صلعم کے نام پر تو سبھی مسلمان جھوٹ بولتے ہیں۔

۔میٹھا سچ۔1

فرید

فیس بک پر سیاسی اور مذہبی پوسٹ کو چھوڑ کر ادب، کلچر، زراعت اور خدمت خلق پر کام کرنے اور اس کو شئیر کرنے کا سوچا ہے۔ کیا یہ ممکن ہو پائے گا۔ مشورہ درکار ہے۔

ڈاکٹر

برادر لوگ سنجیدہ نہیں ہونگے آپ کو پڑھنے کے لئے اس لئے آپ بھی ویسی ہی کھچڑی پکائیں جیسی میں نے چولہے پر چڑھا رکھی ہے۔ مکس اچار جیسی۔

۔میٹھا سچ 2

عارفہ صبح

بعض لوگ اخلاص اور وفا کو چھوڑ کر اپنے جیسے لوگوں ہی میں جا کر مطمئن ہوتے ہیں۔

ڈاکٹر

ویسے تو محاورہ ہے کہ "کند ہم جنس باہم جنس پرواز" مگر ہر شخص انا اور غرض کا دیوانہ ہے۔ وہ ہمیشہ اس دھوکے میں رہتا ہے کہ وہی دوسروں سے زیادہ پر خلوص اور باوفا ہے۔ ایسے لوگ یا تو اپنے آپ کا غیر جانبدارانہ جائزہ لینے کی صلاحیت ہی سے قاصر ہوتے ہیں اور یا پھر اپنے بارے یہ سچ جان کر نظر اندازی کا رویہ اختیار کر لیتے ہیں کہ مجھ میں اور دیگر لوگوں کی برائیوں میں بس انیس بیس ہی کا تو فرق ہے۔

۔ میٹھا سچ 3

ہم حکومتی نااہلی سے سندھ طاس معاہدے میں اپنے حق استعمال والے مغربی دریاؤں سے بھی ہاتھ دھوتے چلے جا رہے ہیں۔ کبھی سندھ آڑے آجاتا ہے تو کبھی خیبر پختونخوا۔ پاکستان میں مقرر ہونے والے آخری تین سندھ طاس واٹر کمشنرز میں سے دو، سید جماعت علی شاہ اور مرزا آصف بیگ، کی تقرریاں اور بعد کے کارنامے مشکوک رہے۔ کوئی غیر جانبدار طاقتور کمشن انکوائری کرے تو دونوں مجرم ثابت ہو جائیں گے۔ کم سے کم میرے خلاف لکھے جانے والے جماعت علی شاہ

کے خط ہی کو موضوع بحث بنالیا جائے تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جایئے گا۔ اس میں ریٹائرڈ جنرل زبیر کے فیصلے سے بھی رہنمائی لی جاسکتی ہے۔

۔ میٹھا سچ 4

میں اکثر اسی سوچ میں رہتا ہوں خصوصاً بیرون ملک بھارتیوں اور بنگلہ دیشیوں کے ساتھ کام کرتے ہوئے یہ احساس شدید ہو جاتا ہے۔

میرا اپنا خیال ہے کہ 1947 میں ہندوستان آزاد ہو گیا اور پاکستان انگریز کی غلامی سے بھی بدتر غلامی میں چلا گیا۔ جب برطانوی سکاٹش خاندان نے امریکی سیاست میں قدم جمائے تو سمارٹ سوچ سوچی لہ ' ذا اتنے بڑے برصغیر میں اپنی گورننس بہتر بنائی اور پاکستان کو قبضے میں رکھ کر باقی ہندوستان آزاد کر دیا بلکہ جلد ہی مشرقی بازو سے بھی بھٹو کے ذریعے جان چھڑالی۔ وہ آج تک پاکستان سے کام لے رہا ہے اور ابھی پچاس برس اور لے گا۔ خاکم بدہن۔

Rizwan

I think these posts are designed by Indian elements just to demotivate Pakistanis. If these facts are considered correct, please imagine and get a data that how many people in India just don't

have toilets. Just Google this data and we will be amazed. I would always request not to degrade you and your country, regards

Shahzad:It is 732 million people, which is almost one third of whole Pakistan

Dr. Sultan:

Rethinking the ground realities is not the de-motivational factor, rather it may become food for thought for the serious people concerned with developmental approach. Unavailability of toilets is also a fact but it's down side of the fact. We shouldn't go by the irrational analyses and to place such examples and rather we may enlighten the public with the real helm of affairs.

So please imagine how it was difficult to handle such a large population in India and don't focus only on the toilets. Why we are failed to manage with merely one 6th of the people? It's a difference of real and artificial democracy.

Rizwan:

Sultan Bhai, with due respect anything with such a tone should be thoroughly analyzed then forwarded. If we can re-read the material, we can smell the hidden tone, thanks for the the input, regards.

Dr. Sultan:

Ok you are right, there may be an Indian element as well but whole story is not so wrong. Global media is recognizing it.

میرے خیال میں یہ پوسٹس بھارتی عناصر نے صرف پاکستانیوں کی حوصلہ شکنی کے لیے بنائی ہیں۔ اگر ان حقائق کو درست سمجھا جائے تو براہ کرم تصور کریں اور اعداد و شمار حاصل کریں کہ ہندوستان میں کتنے لوگوں کے پاس بیت الخلاء نہیں ہیں۔ بس اس ڈیٹا کو گوگل کریں اور ہم حیران رہ جائیں گے۔ میں ہمیشہ درخواست کروں گا کہ آپ کو اور آپ کے ملک کی تذلیل نہ کریں۔

شہزاد: یہ 732 ملین لوگ ہیں، جو پورے پاکستان کا تقریباً ایک تہائی ہے۔

ڈاکٹر سلطان:

زمینی حقائق پر دوبارہ غور کرنا غیر محرک عنصر نہیں ہے، بلکہ یہ ترقیاتی نقطہ نظر سے وابستہ سنجیدہ لوگوں کے لیے سوچنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ بیت الخلاء کی عدم دستیابی بھی ایک حقیقت ہے لیکن یہ حقیقت کے نیچے ہے۔ ہمیں غیر معقول تجزیوں اور ایسی مثالیں پیش نہیں کرنی چاہئیں، بلکہ ہم عوام کو حقیقی معنوں میں روشناس کرسکتے ہیں۔

توبراہ کرم تصور کریں کہ ہندوستان میں اتنی بڑی آبادی کو سنبھالنا کتنا مشکل تھا اور صرف بیت الخلاء پر توجہ مرکوز نہ کریں۔ ہم صرف چھٹے لوگوں کے ساتھ انتظام کرنے میں ناکام کیوں ہیں؟ یہ اصلی اور مصنوعی جمہوریت کا فرق ہے۔

رضوان:

سلطان بھائی، احترام کے ساتھ ایسے لہجے میں کسی بھی چیز کا مکمل تجزیہ کیا جائے پھر آگے بھیج دیا جائے۔ اگر ہم مواد کو دوبارہ پڑھ سکتے ہیں، تو ہم چھپے ہوئے لہجے کو سونگھ سکتے ہیں، ان پٹ کے لیے شکریہ۔

ڈاکٹر سلطان:

ٹھیک ہے آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں، ایک ہندوستانی عنصر بھی ہو سکتا ہے لیکن پوری کہانی اتنی غلط نہیں ہے۔ عالمی میڈیا اسے تسلیم کر رہا ہے۔

۔میٹھا سچ 5

محمد نوید صدیقی جی بھیا بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ اگر ہم انفرادی طور پر تکنیکی ہنر میں حکومت کی مدد کی جانب دیکھے بغیر کچھ اچھا کرتے چلے جائیں تو اپنے اخراجات خود اٹھا سکتے ہیں۔

۔میٹھا سچ 6

سگریٹ بری چیز ہے لیکن عورت پیتی اچھی لگتی ہے اور دوسری اچھی بات یہ ہے کہ اگر مسلسل پیتی رہے تو سب کو جلد چھوڑ جاتی ہے۔

اگر مرد پیئے تو وہ بھی اپنی اسمو کر محبوبہ کا پیچھا کرتے جلد ہی کہیں پہنچ کر اسے حور بنالیتا ہے۔

شیما

